آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 30 مئی 2020ء بمطابق 07 شوال 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 148

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

عالمی امن کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے

آرمی چیف

اس وقت پاکستانی فوجی دستے کانگو، سنٹرل افریقن ریپبلک، جنوبی سوڈان، دارفور، صومالیہ، مغربی صحارا، مالیا اور قبرص میں تعینات ہیں

پاکستانی امن دستے دنیا میں انسانیت کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں، پاکستان اپنے بہادر امن دستوں کے قربانی کے جذبے کو یاد کرتا ہے

پاکستان اب تک دنیا کے تقریباً 28 ممالک میں دو لاکھ سے زائد فوج کے ہمراہ 46 مشترکہ مشن میں حصہ لے چکا ہے، عالمی دن کے موقع پر پیغام

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ پاکستانی امن دستے دنیا میں انسانیت کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں، عالمی امن کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ تفصیلات کے مطابق اقوام متحدہ کے امن مشن کے لیے پاکستان کی خدمات کا آغاز 1960 میں کانگو سے ہوا، پاکستان اب تک دنیا کے تقریباً 28 ممالک میں دو لاکھ سے زائد فوج کے ہمراہ 46 مشترکہ مشن میں حصہ لے چکا ہے جبکہ پچھلے کئی سالوں میں پاکستان بین امن مشن میں مستقل طور پر تعاون کرنے والے ممالک میں سب سے بڑا اور موثر ملک رہا ہے۔ اس وقت پاکستانی فوجی دستے کانگو، سنٹرل

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کورونا وائرس اور ٹڈی دل کی روک تھام سے متعلق امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت

سرکاری اسپتالوں میں سمارٹ او پی ڈی کے آغاز کا فیصلہ

اعلیٰ سطحی اجلاس

کورونا وائرس سے متعلق فرائض کی ادائیگی کے دوران وفات پانے والے ڈاکٹروں طبی عملے اور سرکاری ملازمین کو شہدا کی کیٹگری میں شامل کرنے اور لواحقین کو شہدا پیکیج دینے کا فیصلہ کیا گیا

ڈیوٹی کی نوعیت کے مطابق ڈاکٹروں پیرامیڈکس دیگر اسٹاف اور سیکورٹی اہلکاروں کو ماہانہ ایک تا تین بنیادی تنخواہیں دی جائیں گی اور اضافی بنیادی تنخواہوں کی ادائیگی یکم مارچ 2020 سے لاگو ہوگی

اجلاس میں شیخ زید اور فاطمہ جناح اسپتال کے ڈاکٹروں پیرامیڈکس لیبارٹری ٹیکنیشنز اور بلاواسطہ ڈیوٹی دینے والے اسٹاف اور سیکورٹی اہلکاروں کے لیئے مالی مراعات کا اعلان بھی کیا گیا' جام کمال خان

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی زیر صدارت کورونا وائرس اور ٹڈی دل کی روک تھام سے متعلق امور کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس جمعہ کے روز برہانگ دی گئی صوبائی وزرا مرک خان اچکزئی میر ضیا لانگو میر محمد خان لہڑی چیف سیکرٹری فضیل اصغر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط متعلقہ محکموں کے سیکرٹریوں ایڈیشنل آئی جی پولیس اور دیگر متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں کورونا وائرس سے متعلق فرائض کی ادائیگی کے دوران وفات پانے والے ڈاکٹروں طبی عملے اور سرکاری ملازمین کو شہدا کی کیٹگری میں شامل کرنے اور لواحقین کو شہدا پیکیج دینے کا فیصلہ کیا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقدہ ہوا جس میں اہم فیصلے کیے گئے محکمہ صحت محکمہ زراعت اور بلوچستان کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے اجلاس کو متعلقہ امور پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ایئر مارشل ارشد محمود ملک سی ای او پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی بجٹ 12 جون کو پیش ہوگا، بجٹ تجاویز کی تیاریاں میں تیزی آگئی

وزیر اعظم عمران خان کا 12 جون سے قبل باقاعدگی کے ساتھ بجٹ بریفنگ لینے کا بھی فیصلہ

آئندہ مالی سال میں ساڑھے سات ہزار ارب سے زیادہ کا وفاقی بجٹ پیش کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی بجٹ 12 جون کو پیش ہوگا، بجٹ تجاویز کی تیاریاں میں تیزی آگئی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی بجٹ تجاویز 2 جون کو وفاقی کابینہ کے اجلاس میں پیش کی جائیں گی، ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعظم عمران خان نے 12 جون سے قبل باقاعدگی کے ساتھ بجٹ بریفنگ لینے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے آئندہ بجٹ کے مجموعی حجم میں 10 فیصد بڑھانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق آئندہ مالی سال میں ساڑھے سات ہزار

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

لاک ڈاؤن مزید نرم یا دوبارہ سخت کر دیا جائے؟ فیصلہ 31 مئی کو ہوگا

وزیر اعظم عمران خان نے قومی رابطہ کمیٹی کا اجلاس اتوار 31 مئی کو طلب کرلیا، اجلاس میں کورونا وائرس کے خلاف اقدامات پر غور ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں لاک ڈاؤن مزید نرم کیا جائے یا دوبارہ سخت کر دیا جائے؟ کس شعبے کو کاروبار میں مزید رعایت دی جائے؟ ایس او پیز پر کس طرح عمل درآمد کرایا جائے؟ وزیر اعظم عمران خان نے قومی رابطہ کمیٹی کا اجلاس اتوار 31 مئی کو طلب کرلیا،

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل میں کورونا وائرس کی تشخیص

چیف جسٹس ہائی کورٹ کی حالت بہت بہتر ہے، گھر سے ہی عدالتی امور سرانجام دے رہے ہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جناب جسٹس جمال خان مندوخیل نے کورونا وائرس کا ٹیسٹ کرایا تھا جس کی رپورٹ مثبت

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر معید یوسف کی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے ملاقات

ملک میں امن وامان کی صورتحال کو پیش نظر رکھتے ہوئے، مالی برادری کو بھارت سرکار کی بڑھتی ہوئی انتہا پسندی کا فوری نوٹس لینا چاہیے، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے نیشنل سیکورٹی ڈویژن ڈاکٹر معید یوسف نے وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال خصوصاً بھارت کی جانب سے حالیہ دنوں میں سامنے آنے والی جارحیت و دیگر اہم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم کے مشیر قانون و ریونیو ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان افغانستان ٹرانزٹ معاہدے کے تحت گوادر پورٹ کو افغان ٹرانزٹ تجارت کے لیے کھول دیا گیا ہے

گوادر (ش ن) پاکستان افغانستان ٹرانزٹ معاہدے کے تحت گوادر پورٹ کو افغان ٹرانزٹ تجارت کے لیے کھول دیا گیا ہے اس سلسلے میں افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کا سامان سے بھرا بحری جہاز گوادر پورٹ پر لنگر انداز ہوگیا ہے بحری جہاز میں 16 ہزار میٹرک ٹن فرٹیلائزر لوڈ ہیں۔ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کو گوادر سے بذریعہ سڑک

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان میں ٹڈی دل کے حملوں کے پیش نظر محکمہ زراعت کو کھول دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹڈی دل کے حملوں کے پیش نظر محکمہ زراعت کو کھول دیا گیا، چیف

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اوتھل میں ٹریفک حادثہ ایک نوجوان جاں بحق

اوتھل (این این آئی) اوتھل میں ٹریفک حادثہ ایک نوجوان جاں بحق تفصیلات کے مطابق موچی محلہ اوتھل

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

خضدار میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

خضدار (این این آئی) خضدار میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق پولیس کے مطابق جمعہ کو خضدار کے علا

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں سیلابی ریلے میں بہہ کر تین افراد جاں بحق دو کو بچا لیا گیا دو کی تلاش جاری

سوئی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں سیلابی ریلے میں بہہ کر تین افراد جاں بحق دو کو بچا لیا گیا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

طیارہ حادثہ، جہاز کے ملبے سے ملنے والی مزید رقم پی آئی اے کے حوالے

کراچی (این این آئی) ریسکیو حکام نے حادثے کا شکار ہونے والے جہاز کے ملبے سے ملنے والی مزید رقم

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اس وقت ملک کے 61 اضلاع میں ٹڈی دل موجود ہے، این ڈی ایم اے کی تفصیلات

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ٹڈی دل کے خلاف آپریشن کی تفصیلات پیش کر دیں جس کے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی کرامت کھوکھر میں کورونا وائرس کی تشخیص

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی ملک کرامت کھوکھر بھی کورونا وائرس کا شکار ہو

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

محکمہ ریلوے کا 31 مئی کے بعد بھی ایڈوانس بکنگ جاری رکھنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) محکمہ ریلوے نے 31 مئی کے بعد بھی ایڈوانس بکنگ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے،

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

کراچی سے منسلک بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں کورونا کے وار میں اضافہ کورونا کے مریض بڑھنے لگے، تعداد 52 تک جا پہنچی

اوتھل (این این آئی) کراچی سے منسلک بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں کورونا کے وار میں اضافہ کورونا کے مریض بڑھنے لگے، تعداد 52 تک جا پہنچی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے مطابق لسبیلہ میں کورونا سے متاثرہ افراد کی تعداد روز بروز بڑھنے لگی ہے، گزشتہ دنوں لیے گئے سیمپلز سے 5 مزید نئے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو پر تنقید کر کے شبلی فراز عمران خان کی نالائقی چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں، نفیسہ شاہ

پنجاب میں تین دن تک کاروبار پر بند لاک ڈاؤن نہیں تو اور کیا ہے؟ جو چیز پنجاب میں جائز وہ سندھ میں کیسے ناجائز ہے؟ بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما نفیسہ شاہ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو پر تنقید کر کے شبلی فراز عمران خان کی نالائقی چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں

۔ ایک بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کورونا وبا کا ملبہ عوام پر ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے، انسانی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

انصاف کے نظام میں بہتری کیلئے عوام کی توقعات حکومت سے وابستہ ہیں

وزیر اعظم

موجودہ انصاف کے نظام میں پائے جانے والے سقم دور کرنا اور عوام کی آسان، سستے اور فوری انصاف تک رسائی کو یقینی بنانا پاکستان تحریک انصاف کے منشور کا بنیادی جزو ہے، انصاف کے موجودہ نظام پر عوام کا اعتماد بہت حد تک متزلزل ہو چکا ہے

عوام کی توقعات کے مطابق قانونی اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے کے لئے ٹائم لائنز پر مبنی روڈ میپ مرتب کیا جائے جس کی روشنی میں آئندہ ہفتے مزید فیصلے کیے جائیں گے، وزیر اعظم کی کمیٹی کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں جدید فارنزک لیبارٹری کے قیام کا فیصلہ کرلیا گیا ہے جبکہ وزیر اعظم عمران خان نے وزیر قانون بیرسٹر فروغ نسیم، مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان اور اٹارنی جنرل پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

توشہ خانہ ریفرنس نواز شریف کے وارنٹ گرفتاری جاری

سابق صدر آصف زرداری اور 2 سابق وزرائے اعظم نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی کے خلاف توشہ خانہ ریفرنس کی

گیلانی کو گرفتار کرنے کی استدعا مسترد، احتساب عدالت کا تمام ملزمان کو 11 جون کو پیش ہونے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے توشہ خانہ ریفرنس میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کے وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کو گرفتار کرنے کی استدعا مسترد کر دی ہے جبکہ عدالت نے سابق صدر آصف علی زرداری کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرتے ہوئے تمام ملزمان کو 11 جون کو پیش ہونے کا حکم دیدیا۔ جمعہ کو سابق صدر آصف زرداری اور 2 سابق وزرائے اعظم نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی کے خلاف توشہ خانہ ریفرنس کی سماعت احتساب عدالت کے جج سید اصغر علی نے کی۔ آصف زرداری، نواز شریف اور یوسف رضا گیلانی پر تحائف میں ملنے والی گاڑیاں حاصل کرنے کا الزام ہے اور احتساب عدالت نے 15 مئی کو ابتدائی سماعت پر ملزمان کے سمن جاری کیے تھے۔ عدالت نے آصف زرداری، یوسف رضا گیلانی اور نواز شریف کو عدالت طلب کیا تھا، سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی عدالت میں پیش ہوئے جبکہ سابق صدر آصف زرداری

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

صدر سے چیف ایگزیکٹو آفیسر پی آئی اے کی ملاقات، طیارہ حادثے کے بعد ریلیف اقدامات پر بریفنگ

صدر مملکت عارف علوی کی کراچی فضائی حادثہ میں جاں بحق افراد کے خاندانوں کو جلد از جلد معاوضہ فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کراچی فضائی حادثہ میں جاں بحق افراد کے خاندانوں کو جلد از جلد معاوضہ فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ جمعہ کو صدر ڈاکٹر عارف علوی سے چیف ایگزیکٹو آفیسر پی آئی اے ایئر مارشل ارشد محمود ملک نے ملاقات کی۔ صدر کو کراچی میں طیارہ حادثہ کے بعد ریلیف کے اقدامات، متاثرین کی مدد اور تحقیقات میں پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 44 میتیں لواحقین کے حوالہ کی گئی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ طیارہ حادثہ عظیم سانحہ ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے، طیارہ حادثہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین کے دکھ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کراچی: وفاقی وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے معاون خصوصی برائے نیشنل سیکورٹی ڈویژن ڈاکٹر معید یوسف ملاقات کر رہے ہیں

افغان مشرقی صوبہ پکتیا میں طالبان نے افغان فورسز پر حملے کر کے 14 فوجیوں کو ہلاک کر دیا، تین دیگر زخمی

کوہاٹ، کاٹل (این این آئی) پاک افغان سرحد پر واقع افغان مشرقی صوبہ پکتیا میں طالبان نے افغان فورسز پر حملے کر کے 14 فوجیوں کو ہلاک کر دیا جبکہ تین دیگر زخمی ہوگئے۔ سرحد پار سے موصولہ اطلاعات اور افغان میڈیا کے مطابق افغان صوبہ پکتیا کے ضلع ڈنڈے پٹان میں جمعرات کی شب طالبان جنگجوؤں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا پی آئی اے طیارہ حادثے کی رپورٹ 22 جون کو پبلک کرنے کا اعلان

سندھ ہائی کورٹ میں پی آئی اے طیارہ حادثے کی شفاف تحقیقات سے متعلق درخواست پر سماعت

وفاقی حکومت کو پہلے رپورٹ پبلش کرنے دیں، بعد میں نوٹس کریں گے، جسٹس محمد علی مظہر کی ریمارکس

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کا طیارہ حادثے کی رپورٹ 22 جون کو پبلک کرنے کا اعلان کر دیا، جس پر عدالت نے کہا حادثے پر حتمی رپورٹ سے پہلے کوئی بات کر نہیں کر سکتے۔ تفصیلات کے سندھ ہائی کورٹ میں پی آئی اے طیارہ حادثے کی شفاف تحقیقات سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی، عدالت نے ڈپٹی اٹارنی جنرل سے استفسار کیا طیارہ حادثے کی رپورٹ کب تک آئے گی، جس میں بتایا گیا کہ وفاقی حکومت نے طیارہ حادثے کی رپورٹ 22 جون کو پبلک

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سابق جسٹس قاضی فائز نے شہزاد اکبر سے متعلق 15 سوالات اٹھا دیئے

ریفرنس

شہزاد اکبر کی ملازمت کی شرائط اور ضوابط کیا ہیں؟ کیا شہزاد اکبر پاکستانی ہیں؟ غیر ملکی ہیں یا دوہری شہریت رکھتے ہیں؟

شہزاد اکبر نے اپنی بیوی اور بچوں کے نام کیوں ظاہر نہیں کیے؟ ان کی بیوی اور بچے کس ملک کی شہریت رکھتے ہیں؟، سوالات

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے اپنے خلاف صدارتی ریفرنس کے معاملے پر وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہزاد اکبر سے متعلق 15 سوالات اٹھا دیے۔ نجی ٹی وی کے مطابق جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے گزشتہ روز سپریم کورٹ میں ایک اور جواب جمع کرایا جس میں سوال کیا گیا کہ شہزاد اکبر کو کس نے ملازمت پر رکھا؟ کیا ایسٹ ریکوری یونٹ کے چیئرمین کے عہدے کا اشتہار دیا گیا؟ کیا ایسٹ ریکوری کے چیئرمین کیلئے درخواستیں طلب کی گئیں، کیا شہزاد اکبر کا انتخاب فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ہوا؟ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سوال اٹھایا کہ ان تین چار سوالات کے جواب منفی میں ہیں تو کیسے ملازمت پر رکھا گیا؟ شہزاد اکبر کی ملازمت کی شرائط اور ضوابط کیا ہیں؟ کیا شہزاد اکبر پاکستانی ہیں؟ غیر ملکی ہیں یا دوہری شہریت رکھتے ہیں؟ ایسٹ ریکوری یونٹ قانونی نہ ہونے پر خرچ کی جانے والی رقم عوام کے پیسے کی چوری ہے؟ انہوں نے سوال اٹھایا کہ شہزاد اکبر نے سپریم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سانحہ بلدیہ، عزیر بلوچ، نثار مورائی کی جے آئی ٹیز پبلک کی جائیں، علی زیدی

چیف سیکرٹری کو جے آئی ٹی فراہم کرنے کے لیے خط لکھا ہے، جس کا آج تک جواب نہیں ملا، زیادتی خلاف کھڑا ہوں

طیارہ حادثے کے لواحقین دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، ان کے لواحقین کے مطالبات جائز ہیں، وفاقی وزیر برائے بحری امور

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ بلدیہ ٹاؤن فیکٹری، عزیر بلوچ اور نثار مورائی کی جے آئی ٹیز پبلک کی جائیں۔ سندھ ہائی کورٹ میں وفاقی وزیر علی زیدی نے چیف سیکرٹری سندھ کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی ہے، اس موقع پر عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جے آئی ٹی عوام کے ٹیکس پر بنتی ہے۔ علی زیدی نے کہا کہ طیارہ حادثے میں شہیدوں کے لواحقین انکوائری رپورٹ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کورونا کے باعث عالمی معیشت 3 فیصد سے زائد سکڑے گی، آئی ایم ایف

نیویارک (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث رواں سال کے دوران عالمی معیشت 3 فیصد سے زیادہ سکڑے گی۔ منیجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف نے عالمگیر وبا کورونا کی وجہ سے معیشت پر مرتب ہونے والے اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے دوران عالمی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

گاڑیوں کی قیمت ایف بی آر کو متعین کرنا چاہیے تھی، یوسف رضا گیلانی

نیب زادہ نہیں نیب زدہ ہوں، پہلے بھی جیلیں بھگت چکا ہوں، عدالتوں کا احترام کرتا ہوں، سابق وزیر اعظم کی میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ گاڑیوں کی قیمت ایف بی آر کو متعین کرنا چاہیے تھی، اگر قانون کے مطابق نہ ہوتا تو مجھے سزا کیوں بھیجی گئی، نیب زادہ نہیں نیب زدہ ہوں، پہلے بھی جیلیں بھگت چکا ہوں، عدالتوں کا احترام کرتا ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ گاڑیوں کی قیمت ایف بی آر کو متعین کرنا چاہیے تھی، اگر قانون کے مطابق نہ ہوتا تو مجھے سزا کیوں بھیجی گئی؟ میں ایک وزیر اعظم ہو کر اپنے ملک کے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس ویکسین کی تعداد میں مزید اضافے کا خدشہ ہے، ظفر مرزا

عالمی سطح پر 60 لاکھ لوگ وبا کا شکار ہیں اور 3 لاکھ 62 ہزار اموات ہو چکی ہیں، 25 لاکھ سے زائد افراد صحتیاب ہوئے ہیں، عالمی وبا کورونا وائرس ملک بھر میں پھیل رہی ہے

میت کو قبرستان پہنچانے میں احتیاط کی جائے، قبر میں میت اتارنے والے افراد ماسک اور حفاظتی کٹس لازمی پہنیں، معاون خصوصی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا ہے کہ ملک میں کورونا وائرس کے 64 ہزار مصدقہ مریضوں میں سے 35 فیصد مکمل طور پر صحتیاب ہو چکے ہیں، عالمی سطح پر 60 لاکھ لوگ وبا کا شکار ہیں اور 3 لاکھ 62 ہزار اموات ہو چکی ہیں، 25 لاکھ سے زائد افراد صحتیاب ہوئے ہیں، عالمی وبا کورونا وائرس ملک بھر میں پھیل رہی ہے، حکومت کو اموات اور کیسز کی تعداد میں مزید اضافے کا خدشہ ہے تاہم صورتحال ابھی قابو میں ہے، کورونا وائرس سے متعلق ہماری تیاری اور ویکسی لیزر کی صورتحال سے متعلق (آج) تفصیلات بیان کی جائیں گی، میت کو قبرستان پہنچانے میں احتیاط کی جائے، قبر میں میت اتارنے والے افراد ماسک اور حفاظتی کٹس لازمی پہنیں۔ جمعہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

عالمی امن کیلئے بے مثال کردار ادا کرنے پر اپنی بہادر افواج کو سلام پیش کرتا ہوں، سینیٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے بے مثال کردار ادا کرنے پر اپنی بہادر افواج کو سلام پیش کرتا ہوں۔ اپنے بیان میں سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ امن کیلئے قربانیاں پیش کرنے والے غازی اور شہداء قوم کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ ملک پر جب بھی غیر سیاسی لوگ مسلط کئے گئے، صادق عمرانی

ملک کی تعمیر و ترقی، جمہوریت کا کیس کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا، فیصلوں کے مسلط کیے جانے کا یہی طرز عمل مختلف میں اضافے کا سبب بنا، صادق عمرانی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن صادق عمرانی نے کہا ہے کہ 10 ویں این ایف سی ایوارڈ کے اجراء میں پہلے ایک تسلسل کے ساتھ تاخیری حربوں کا استعمال کیا جاتا رہا اور اب صوبوں کے حصوں میں کٹوتی کا عندیہ دیکر تبدیلی

سرکار نے یہ ثابت کر دیا کہ وہ صوبوں کو مزید مالی بحرانوں سے دوچار کر کے انہیں مزید اپنے دائرہ اختیار میں لاتے ہوئے ان پر اپنا تسلط مزید مضبوط کرنا چاہتی ہے تاکہ مسلط کردہ فیصلوں کے خلاف کوئی صوبہ چوں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری حنظلہ احمد کاکڑ پارٹی کی پوسٹ سازی اور تنظیم سازی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لداخ میں غیر قانونی بھارتی تعمیرات، چین نے فوجی قوت مزید بڑھا دی

لداخ (این این آئی) لداخ میں غیر قانونی تعمیرات پر بھارت کو لینے کے دینے پڑ گئے، چین نے کشمیر کے علاقے اکسائے چن پر بھی فوجی قوت بڑھا دی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق لداخ میں صورتحال بدستور کشیدہ ہے، چین لداخ میں متنازع سڑک پر پل کی تعمیر روکنا چاہتا ہے، چین نے ایئر پورٹ پر عسکری قوت

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے کورونا وائرس یا اس کے شبے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے حوالے سے پالیسی مرتب کرلی

ہسپتال میں ہونے والی اموات میں اگر کورونا کی علامات ظاہر ہوں تو ٹیسٹ کرنے کے بعد ڈاکٹر کورونا وائرس کو موت کی وجہ قرار دے سکیں گے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے کورونا وائرس یا اس کے شبے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے حوالے سے پالیسی مرتب کرلی ہسپتال میں ہونے والی اموات میں اگر کورونا کی علامات ظاہر ہوں تو ٹیسٹ کرنے کے بعد ڈاکٹر کورونا وائرس کو موت کی وجہ قرار دے سکیں گے، محکمہ صحت ذرائع کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے باعث ہونے والی اموات کے حوالے سے جاں بحق افراد کے خاندانوں کی جانب سے موت کی وجہ ظاہر نہیں کی جاری تھی جس کے بعد حکومت

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

چیئرمین این ایف بی آر نوشین جاوید نے چیئرمین سینیٹ سے ملاقات سے عین وقت پر معذرت کرلی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین این ایف بی آر نوشین جاوید نے چیئرمین سینیٹ سے ملاقات سے عین وقت پر معذرت کرلی چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کا چیئرمین این ایف بی آر کے رویے پر سخت اظہار برہمی کیا اور چیئرمین این ایف بی آر نوشین جاوید سے ذاتی حیثیت

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تمام اضلاع کی ترقی و خوشحالی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، ضیاء لانگو

صوبے بھر کے صنعتی زونز کے فعال ہونے سے نہ صرف صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا

صوبے میں معیشت کے استحکام کیلئے مربوط حکمت عملی وضع کی گئی ہے، صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے کہا ہے کہ صوبے میں معیشت کے استحکام کیلئے مربوط حکمت عملی وضع کی گئی ہے جبکہ صوبے بھر کے صنعتی زونز کے فعال ہونے سے نہ صرف صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا بلکہ عوام کو روزگار کے وسیع مواقع بھی میسر آئیں گے بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبے میں عملی اقدامات سے مثبت اور معاشی تبدیلی آئے گی۔ صوبائی حکومت صوبے میں معیشت کو مزید بہتر کرنے کیلئے بیرونی اور اندرونی سرمایہ کاری کو فروغ دے رہی ہے جبکہ بین الاقوامی سطح پر بھی سرمایہ کاروں کو مدعو کیا جائے گا حکومت صوبے میں کاروباری اشخاص اور سرمایہ کاری کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے بلوچستان میں فصلوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، حکومت صرف زبانی جمع خرچ میں مصروف ہے، جمال شاہ کاکڑ

ٹڈی دل کے تدارک کے لیے موثر اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے صوبے میں فصلوں اور سبزیوں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا خدشہ، صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جم

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

30 مئی 2020ء

عالمی امن کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے

پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ پاکستانی امن دستے دنیا میں انسانیت کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں، عالمی امن کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ اقوام متحدہ کے امن مشنز کے لیے پاکستان کی خدمات کا آغاز 1960 میں کانگو سے ہوا، پاکستان اب تک دنیا کے تقریباً 28 ممالک میں دو لاکھ سے زائد فوج کے ہمراہ 46 مشنز کہ مشن میں حصہ لے چکا ہے جبکہ پچھلے کئی سالوں میں پاکستان یو این امن مشنز میں مستقل طور پر تعاون کرنے والے ممالک میں سب سے بڑا اور مؤثر ملک رہا ہے۔ اس وقت پاکستانی فوجی دستے کانگو، سنٹرل افریقن ریپبلک، جنوبی سوڈان، دارفور، صومالیہ، مغربی صحارا، مالیا اور قبرص میں تعینات ہیں جب کہ پاکستان یو این امن مشنز میں خواتین پیس کیپرز کو بھیجنے والا واحد ملک ہے۔ اس وقت اقوام متحدہ کی چھتری تلے 86 پاکستانی خواتین پیس کیپرز کانگو اور سنٹرل افریقن ریپبلکن میں خدمات سرانجام دے رہی ہیں، جن کی تعریف اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے رواں سال دورہ پاکستان کے دوران بھی کی۔ مختلف خطوں میں امن کے لیے اب تک 24 افسران سمیت 157 پاکستانی جوان اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کر چکے ہیں۔ پاکستان اپنے بہادر امن دستوں کے قربانی کے جذبے کو یاد کرتا ہے۔ پاکستانی امن دستے دنیا میں انسانیت کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت عالمی امن کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔

اسلامی بم

میرا کل شائع ہونے والا کالم قارئین نے بے حد سراہا اور قاضی ادریس جن کا تعلق چاغی سے ہے خصوصی طور پر مجھ سے رابطہ کیا۔ اور میرے کالم پر تبادلہ اظہار بھی کیا قصہ یہ ہے کہ جس دن انڈونیشیا سے لے کر مراکش تک مسلمانوں نے چراغاں کیا خوشیاں منائیں جب ہاتھ میں پتھر اٹھائے ایک فلسطینی جوان ایک اسرائیلی فوج سے کہا تھا۔ اس پتھر کو مت دیکھو ہمارا ایٹم بم پاکستان میں رکھا ہے اسرائیل ایٹمی طاقت بنا۔۔ کہیں پر نہیں کہا گیا یہودی بم، ہندوستان کے نیوکلیئر ٹیسٹ پر کسی نے ہندو بم کا نعرہ نہیں لگایا لیکن جب پاکستان نیوکلیئر طاقت بنا اور ایٹم بم کا تجربہ کیا، پوری عالم اسلام اور پوری دنیا میں اسلامی بم کا نعرہ بلند ہوا۔

عرب کے کئی اخباروں میں اگلے دن اسلامی بم کی شہ سرخیاں آویزاں تھیں۔ فلسطینی روزنامہ عرب الیوم میں خبر اسطرح چھپی تھی کہ اس خطہ میں ہم اسلامی نیوکلیئر بم کی پیدائش پر اندرونی طور پر مسرت محسوس کرتے ہیں۔ لبنانی روزنامہ الفجر نے اپنے شہ سرخی پر یہ خبر چھاپی کہ پاکستان دنیا اسلام کی پہلی نیوکلیئر طاقت ہے۔ ایک اور لبنانی روزنامہ الحیات کہتا ہے کہ پاکستان دنیا کا ساتواں اور عالم اسلام کا پہلا نیوکلیئر طاقت کا حامل ملک ہے۔ ایک اور عرب روزنامہ الشرق میں ایک مضمون چھپا جس کا موضوع تھا اسلامی بم، ایک خواب جو شرمندہ تعبیر ہوا کویتی اخبار القبس اور الوطن کے مطابق پاکستان کے نیوکلیئر تجربہ کی وجہ سے اسلامی دنیا مضبوط ہوئی ہے۔ الغرض پورے عالم اسلام میں اس طرح کی کئی سرخیاں، خبریں، مضامین اور لوگوں میں مسرت اور جذبہ پایا گیا جو پاکستان کے نیوکلیئر طاقت بننے کی وجہ سے تھا۔ "آساں نہیں مٹانا نام ونشاں ہمارا" سلام عبدالقدیر سلام پاک فوج سلام گمنام ہیروز جنہوں نے اس کام کے لیے اپنی زندگیوں کی بھی پرواہ نہ کی۔ اور پاکستان کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ پاکستان کا ازلی دشمن بھارت آج بھی کھمبا نوچ رہا ہے۔ اب خبر یہ ہے کہ بھارت کو چین کے بعد پاکستان کے ہاتھوں ہزیمت کا سامنا ہے پاک فوج نے بھارتی کوواڈ کا پٹرمار گرایا۔

بھارتی جاسوس کوواڈ کا پٹرایل اوی کے رکھ چکری سیکٹر پر گرایا گیا۔ بھارتی جاسوس کوواڈ کا پٹر 650 میٹر پاکستانی حدود میں داخل ہو گیا تھا، دوسری جانب خبر ہے کہ لداخ میں چین انڈیا پر چڑھ دوڑا: 10000 فوجی لداخ کی گلوان وادی میں داخل ہو گئے۔ انڈیا کی فلیگ میٹنگ کے لئے منتیں کر رہا ہے بزنس اسٹنڈرڈ کی رپورٹ کے مطابق چین کی پیپلز لیبریشن آرمی (پی ایل اے) 10000 فوجی انڈین علاقے میں داخل ہو گئے ہیں ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مذاکرات بند ہو گئے ہیں۔ مسائل کے حل کے لئے انڈین کی طرف سے فلیگ میٹنگ کی درخواست کو چینیوں نے رد کر دیا ہے۔

رپورٹ کے مطابق سب سے اہم "وادی گلوان" کی صورت حال ہے جہاں چینی فوجی 3 سے 4 کلومیٹر تک انڈین علاقے میں داخل ہو چکے ہیں چینی فوجیوں نے اپنے آپ کو انڈین فوج کے حملے سے بچانے کے لئے مورچے کھود لیے ہیں۔ چین کی ایک دفاعی ویب سائٹ جس کے چینی فوج کے ساتھ قریبی تعلقات ہیں نے دعویٰ کیا ہے کہ "وادی گلوان" چین کا علاقہ ہے۔ جس کی زمینی صورت حال بلکل واضح ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق "چینی فوجی وادی گلوان کے مشرق میں قریب 3 کلومیٹر تک انڈیا کے علاقے میں داخل ہو چکے ہیں اس علاقے میں حالات اس وقت کشیدہ ہو گئے تھے جب 5 مئی کو چین اور انڈیا کے 250 فوجی آپس میں گتھم گتھا ہو گئے تھے۔ جس کشیدگی کے پیش نظر انڈین آرمی چیف جنرل ایم ایم نرونے نے لیہ میں 14 ویں کور کے ہیڈ کوارٹر کا 22 مئی کو دورہ کیا تھا اور فوجی افسران سے سیکورٹی کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا تھا۔ یاد رہے کہ یہ چین اور انڈیا کے درمیان متنازعہ علاقہ ہے۔ خبر کے مطابق چین نے اپنے لوگوں کے انڈیا سے محفوظ بنانے کا عہد کر لیا ہے۔ چینی صدر کا فوج کو جنگ کے لئے تیار رہنے کا حکم دے دیا ہے۔ بھارت کے ساتھ سرحدی کشیدگی کے بعد چینی صدر نے فوج کو جنگ کے لئے تیار رہنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ملکی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے یہ حکم پارلیمنٹ اجلاس کے دوران پیپلز لیبریشن آرمی اور چیفس آرمڈ پولیس فورس کے نمائندوں کی میٹنگ میں کی۔ شی جن پنگ سینٹرل کمیٹی کی کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سیکریٹری اور سینٹرل ملٹری کمیشن کے چیئرمین بھی ہیں۔ موجودہ حالات کے تناظر میں اسلامی بم کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔

سردار اسلم بزنجو اور میر خالد بزنجو اختلافات کا اختتام ایک اچھی خبر

بزنجو خاندان کا نہ صرف خضدار کے سیاسی افق پر بلکہ بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو کو لیکر ملکی و بین

یونس بلوچ

اقوامی سطح پر بھی ایک اعلیٰ مقام ہے اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ میر غوث بخش بزنجو نے اپنی سیاسی وراثت بلوچ/بلوچستان کے نوجوانوں کے حوالہ کیا مگر اس کے باوجود میر حاصل خان۔ سردار اسلم بزنجو۔ طاہر جان اور بیزن بزنجو کے سیاسی کردار بھی اپنی جگہ مسلم حقیقت ہیں اور اسی طرح اگر تحصیل نال کے سیاسی صورتحال کا جائزہ لیا جائے تو میر خالد بزنجو کی سیاسی حقیقت وسیاسی کردار سے انکار بھی ممکن نہیں بزنجو خاندان میں سیاسی (کسی حد تک ذاتی) اختلافات یا یوں کہا جائے بہتر ہوگا کہ سردار محمد اسلم بزنجو اور میر خالد بزنجو کے درمیان اختلافات کی بہت سی وجوہات ہونگے اگر ہم ان وجوہات کی کھلی آپریشن کریں تو بہت سے لوگوں کی دل آزاری ہوگی البتہ اتنا ضرور ہے کہ اس اختلاف سے یار لوگوں نے بڑے فائدے اٹھانے کی کوشش کی اور دونوں شخصیات کے بیچ اختلافات کو مزید بڑھانے کا ہر موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا بزنجو خاندان چونکہ بنیادی طور پر سیاسی خاندان ہے اس لئے انہوں نے سیاسی (کسی ممکنہ حد تک ذاتی) اختلاف کو سیاسی انداز میں ہی لیا اس کو بہت زیادہ ذاتی پیرائے میں نہیں لیا اور یہی وہ وجہ تھی جس کی وجہ سے یہ لوگ دوبارہ شیر و شکر ہو گئے سیاسی (کسی حد تک ذاتی) اختلاف کو بہت زیادہ ذاتی اختلاف کی جانب لے جایا جاتا تو آج دوریاں ہی دوریاں ہوتی قربتیں نہیں ہوتیں بزنجو خاندان یا بزنجو خاندان کے ان دو شخصیات کے درمیان ہونے والے سیاسی اختلاف کو ہم گزشتہ انتخابات کے تناظر میں دیکھیں تو یہ حقیقت ہمارے سامنے کھل کر آجائے گی کہ نیشنل پارٹی کے رہنماء سردار محمد اسلم بزنجو کے انتخابات میں ہار جانے کی بہت سے وجوہات میں سے ایک مضبوط وجہ میر خالد بزنجو کی سیاسی ناراضگی بھی تھی اس ناراضگی کی وجہ سے سردار صاحب کے ووٹس بھی خراب ہوئے تھے یا خراب کر دیئے گئے تھے یہ نقصان بھی بزنجو خاندان کے لئے ایک سبق ہے اور ماضی سے سبق حاصل کرنا یقیناً دانا لوگوں کا کام ہوتا ہے دیکھتے ہیں کہ اب خالد بزنجو صاحب بلوچستان عوامی پارٹی کو لیکر آگے بڑیں گے یا پھر الوداع کا وقت آگیا ہے نال میں دونوں کی بڑی تعداد جماعتوں سے کم شخصیات سے زیادہ وابستہ ہیں ہوسکتا ہے کہ جب شخصیات ایک ہو گئے ہیں تو جماعتوں کا الگ ہونا اتنا معنی نہ رکھیں اس کا عملی تجزیہ شاید بلدیاتی انتخابات کے وقت ممکن ہو سکے کیونکہ بلدیاتی انتخابات میں یہ واضح ہو جائے گا کہ خوش ہونے کی اس عمل میں کیا کیا راز چھپے ہیں بہرحال یہ بڑا پن ہے میر حاصل خان بزنجو اور ڈاکٹر محمد یوسف بزنجو کا کہ انہوں نے سردار محمد اسلم بزنجو اور میر خالد بزنجو کو راضی بازی شیر و شکر کیا اور سردار اسلم بزنجو نے بھی بڑے پن کا مظاہرہ کر کے گھر آئے اپنے بھائی کو بلوچی رسم ورواج کے مطابق شان وشوکت سے عزت دی اختلافات کو ہمیشہ کے لئے ختم کیا دوسری جانب یہ عمل بھی قابل تعریف ہے کہ بزنجو خاندان کے دونوں شخصیات کی اختلاف کو ختم کر کے شیر و شکر ہونے کے عمل کو بلوچستان کے تمام اقوام خاص کر قوم پرست جماعتوں قبائلی شخصیات۔ علماء کرام اور عوام الناس نے انتہائی اچھے اور مثبت تناظر میں دیکھا سوشل میڈیا پر بھی مثبت تبصرے ہوئے اور جہاں جہاں جن جن حلقوں تک میری رسائی رہی میں نے اس عمل کو اچھا عمل کہتے سنا جس طرح بزنجو خاندان نے دو اہم بڑی شخصیات سردار محمد اسلم بزنجو اور میر خالد بزنجو کو شیر و شکر کرنے میں خود پہل کر دی اور انتہائی خوبصورتی سے اس مسئلے کو حل کر دیا جھالاوان میں بہت سے دیگر خاندانوں میں بھی آپس کی رنجشیں موجود ہیں دوریاں موجود ہیں وہ بھی اپنی اختلافات کو اسی طرح پیار و محبت میں تبدیل کریں جمہوریت ہے سیاست اپنی اپنی جماعتوں میں کریں مگر باقی اختلافات عوام کے وسیع تر مفاد میں ختم کر دیں انہیں حل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائیں جھالاوان کے تمام قبائلی شخصیات، نواب وسردار صاحبان، میر ومعتبرین یہ سب علاقے کے بڑے ہیں ہمارے لئے محترم ہیں وہ اپنی قبائلی تنازعات کو حل کریں ایک ہو جائیں جب طاقت مشترکہ ہوگی تو اس کے مثبت اثرات علاقے کے امن، روزگار، سیاست پر پڑیں گے

فاطمہ بھٹو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کنواری شہزادی

بھٹو خاندان کی تاریخ یا پس منظر اور انجام بہت بھیانک اور عبرت ناک ہے۔ ان کے پاس دولت،

خواب اور خیال / آغا نیاز مگسی

عزت اور شہرت بہت زیادہ رہی ہے لیکن بدقسمتی سے یہ لوگ راحت اور سکون سے محروم رہے ہیں۔ فاطمہ بھٹو کا تعلق اسی بھٹو خاندان سے ہے۔ فاطمہ کے دادا اور پاکستان کے پہلے منتخب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو پھانسی چڑھ گئے ان کی اس سزائے موت کو آج تک جمہوری قوتوں نے تسلیم نہیں کیا بلکہ اس کو عدالتی قتل کا نام دیا گیا ہے۔ ان کی موت کے کچھ عرصہ بعد فاطمہ کے چچا اور ذوالفقار علی بھٹو کے چھوٹے صاحبزادے میر شاہنواز بھٹو کو فرانس میں ان کی بیوی کے ہاتھوں زہر دلا کر قتل کر دیا گیا۔ جب 1993 میں فاطمہ بھٹو کی پھوپھی اور ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی محترمہ بینظیر بھٹو دوسری بار پاکستان کی وزیر اعظم بنیں تو ان کے دور میں 1996 میں فاطمہ کے والد سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے بڑے صاحبزادے اور وزیر اعظم بینظیر بھٹو کے دور میں اس کے بھائی میر مرتضیٰ بھٹو کو کراچی میں دن دہاڑے قتل کر دیا گیا اور پھر وہ وقت بھی آیا جب 27 دسمبر 2007 کو محترمہ بینظیر بھٹو کو بھی دن دہاڑے راولپنڈی میں انتخابی جلسہ عام سے واپسی پر قتل کر دیا گیا۔ یہ سب سانحے فاطمہ بھٹو نے دیکھے اور صدمے برداشت کیئے۔ خود فاطمہ بھٹو کی زندگی بھی دکھوں اور المیوں کی کہانی کا ایک مجموعہ ہے۔ فاطمہ بھٹو 29 مئی 1982 کو افغانستان کے دارالحکومت کابل میں اس وقت پیدا ہوئی جب اس کے والد میر مرتضیٰ بھٹو وہاں جلاوطنی کی زندگی گزار رہے تھے۔ ابھی فاطمہ بمشکل ایک سال کی عمر کو پہنچی ہوگی کہ اس کی والدہ فوزیہ اس کو اور اس کے والد میر مرتضیٰ بھٹو کو چھوڑ کر ہمیشہ کے لیے علیحدگی اختیار کر کے امریکہ چلی گئی۔ فوزیہ کی علیحدگی کے بعد مرتضیٰ بھٹو نے اپنی ایک سالہ معصوم بیٹی فاطمہ کو ماں اور باپ دونوں کا پیار دیا تعلیم اور تربیت شروع کی فاطمہ 4 سال کی عمر کی ہوئی تو اس کے والد میر مرتضیٰ بھٹو نے شام کے شہر دمشق کی ایک خوب صورت اور مشہور ڈانسر غنوی پر فریفتہ ہو کر ان سے نکاح کر لیا۔ غنوی نے کمال کرتے ہوئے فاطمہ بھٹو کو حقیقی ماں کا پیار دیا۔ فاطمہ نے ابتدائی تعلیم دمشق میں حاصل کی۔ 1993 میں غنوی بھٹو فاطمہ اور ذوالفقار جونیئر کے ہمراہ پہلی بار پاکستان آئی۔ فاطمہ نے اس دوران شاعری بھی شروع کر دی اور 2004 میں کولمبیا یونیورسٹی نیو یارک امریکہ سے گریجویشن کیا۔ 2005 میں اسکول آف اربن اینڈ افریقین اسٹڈیز سے "ساؤتھ ایشین" گورنمنٹ اور سیاسیات میں ماسٹرز کیا۔ فاطمہ نہایت ذہین طالبہ تھیں وہ بہت اچھی پوزیشن کے ساتھ تعلیمی مدارج طے کرتی رہی۔

پاکستان واپسی پر فاطمہ بھٹو نے پاکستان کے سب سے بڑے اردو اخبار روزنامہ جنگ میں کالم نگاری شروع کی اور ساتھ میں شاعری کا شغل بھی جاری رکھا۔ انہوں نے اس دوران امریکا اور برطانیہ کے اخبارات میں بھی کالم نگاری شروع کر دی۔ فاطمہ بھٹو نے سیاست کے بجائے ادب اور صحافت کا شعبہ اپنا لیا۔ سیاست سے دور رکھنے میں ان کی سوتیلی لیکن حقیقی ماں سے زیادہ مخلص غنوی بھٹو نے دور رکھا اس خدشے اور خوف کے باعث کہ سیاست میں آنے کے بعد فاطمہ بھٹو کی زندگی کو سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ فاطمہ بھٹو ادب اور صحافت دونوں میں کامیاب اور بہت مقبول رہی۔ شعر وادب کے شعبے میں فاطمہ بھٹو کو یہ منفرد اعزاز حاصل ہوا ہے کہ وہ صرف 15 سال کی عمر میں صاحب (جاری ہے)

لاک ڈاؤن"۔۔آخر کب تک۔۔؟ (آخری قسط)

سید عارف سعید بخاری

کو بھی محنت کرنے اور گھروں سے نکلنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی، فرشتے بھی جب صبح سویرے رزق کی تقسیم کا عمل شروع کرتے ہیں تو وہ بھی رزق انہیں ہی دیتے ہیں جو جاگ رہے ہوتے ہیں یا اپنے رب کی عبادات میں مشغول ہوتے ہیں، کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ

عبادت کا سودا سویرے سویرے،
منافع کمایا سویرے سویرے

ہمارا تو یوں بھی قومی مزاج بن چکا ہے کہ ہم رات گئے جاگتے رہتے ہیں، صبح فجر کی نماز پڑھے بنا ہی سو جاتے ہیں اور دوپہر کو اپنے کام روزگار کیلئے نکلتے ہیں، سوائے سرکاری ونجی اداروں کے ملازمین کے، کہ جنہیں صبح 8 یا 9 بجے ڈیوٹی پر پہنچنا ہوتا ہے اور ان میں ہی بھی بیشتر افراد مقررہ وقت کی بجائے اکثر تاخیر سے بھی آفس آتے ہیں، یہ عادت بد ہماری نس نس میں سما چکی ہے۔ حکومت "دجالی ایجنڈے" کو پروان چڑھانے کیلئے "لاک ڈاؤن، لاک ڈاؤن کا راگ الاپ رہی ہے۔ کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا ہے، گذشتہ تین ماہ کے دوران معیشت کو کھربوں روپے کا نقصان پہنچ چکا ہے، لاک ڈاؤن کی صورت "قید تنہائی" نے خواتین وحضرات، خاص طور سے بچوں اور بوڑھوں کو ذہنی مریض بنا کر رکھ دیا ہے۔ کرونا کی آڑ میں منفی پروپیگنڈے نے لوگوں کو عجب خوف میں مبتلا کر دیا ہے۔

گویا ہر دوسرا بندہ اس وہم کا شکار ہو چکا ہے کہ کہیں اسے "کرونا" تو نہیں، کرونا سے اب تک ظاہر کی جانے والی بیشتر اموات ہسپتالوں میں ہوئی ہیں، کوئی ایک بھی مریض ایسا نہیں دیکھا یا سنا گیا کہ اسے "کرونا" کا مرض ہوا اور وہ ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی ملک عدم سدھار گیا۔ بدقسمتی سے پاکستان میں کرونا سے اب تک 1200 کے قریب اموات ظاہر کی گئی ہیں لیکن ان میں بھی بیشتر اموات مشکوک نظر آتی ہیں کیونکہ ان میں سے اکثریت ان لوگوں کی ہے کہ جن کی موت کا سبب کرونا نہیں بلکہ کوئی اور عارضہ مثلاً دل کا مرض، گردوں کی خرابی، دمہ، کینسر وغیرہ لاحق تھا اور انہیں بھی کرونا کا مریض بنا کر اگلے جہاں پہنچا دیا گیا۔ عالمی ادارہ صحت اور حکومت کے ذمہ داران اس سوال کا جواب دینے سے قاصر ہیں کہ آخر کب تک کرونا سے بچنے کیلئے لوگوں کو "لاک ڈاؤن" یعنی کہ گھروں میں "قید تنہائی" کی صورت بند رکھا جائے گا، سوال یہ ہے کہ گھروں میں محصور لوگ آخر کب تک اور کس طرح طویل عرصہ اپنی اور اپنے زیر کفالت افراد کی ضروریات پوری کر پائیں گے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ آمدن نہ ہوں تو بھرے ہوئے کنویں بھی خشک ہو جاتے ہیں۔

بچے کی طرح ایک ٹانگ پر کھڑا ہو کر تو کوئی نظام زندگی نہیں چلا سکتا۔۔ خود حکومت کو بھی نظام سلطنت چلانے کیلئے وسائل درکار ہیں۔۔ اب جبکہ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا بکھیرا جا رہا ہے تو ایسے میں وزیر اعظم عمران خان اور ان کی کابینہ کے ارکان اس بات کا کیا جواب دیں گے کہ لاک ڈاؤن کے ساتھ کس طرح سسٹم کو چلانا ممکن ہے۔ اگر حکومتی ذمہ داران یہ سمجھتے ہیں کہ کرونا کی آڑ میں قرضے معاف کروا لیں گے اور یہود ونصاریٰ سے ملنے والی اربوں روپے کی امداد (خیرات) سے ملک ترقی وخوشحالی کی منازل طے کرنے لگے گا تو یہ ان کی بھول ہے، یہ دیوانے کا ایسا خواب ہے کہ جس میں آنکھ کھلتے ہی ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہوگا اور آنے والے دنوں میں ہمارا وطن عزیز، ہماری یہ ریاست مدینہ یہود ونصاریٰ کی نوآبادیاتی بن کر رہ جائے گا۔ مستقبل قریب میں افسوسناک امر یہ ہوگا کہ ہمیں روٹی کا ایک نوالہ بھی "دجالی شہزادے" سے پوچھ کر اپنے حلق میں اتارنا ہوگا، تو میں یوں ترقی نہیں کیا کرتیں، موجودہ حکومت دو سال سے لوگوں کو لارے کا "لالی پاپ" دے رہی ہے۔ گھبرانا نہیں۔ کے نام سے ایک گیت اکثر قوم کو سنا دیا جاتا ہے۔

جبکہ حکومت دو سال سے کوئی کارکردگی دکھانے کی بجائے احتساب احتساب کا ڈرامہ رچا کر قوم کو بے وقوف بنائے جا رہی ہے۔ قوم تو اب گھبرانے سے بھی بہت آگے جا چکی ہے، اب تو قوم میں بولنے اور احتجاج کرنے کی بھی ہمت نہیں رہی۔۔ آنے والے وقت میں ملکی حالات کیا رخ اختیار کرتے ہیں یہ تو وقت ہی بتائے گا۔ لیکن اب بھی وقت ہے کہ ہم انسانوں کو کرونا وائرس یا "موت" سے بچانے کیلئے انہیں گھروں میں محصور کرنے پر اپنی توانائیاں صرف کرنے کی بجائے ایسی حکمت عملی اپنائیں کہ جس پر عمل کر کے معیشت کا پہیہ بھی چلتا رہے اور لوگوں کی معاشی مشکلات میں بھی خاطر خواہ کمی آئے، لاک ڈاؤن کی وجہ سے ہر چیز کی قلت پیدا ہو رہی ہے، لوگوں کی آمدن ختم ہو کر رہ گئی ہے، سڑکوں اور بازاروں میں ہر طرف لوگ بھیک مانگتے نظر آتے ہیں۔ سفید پوش لوگ کسی کے آگے ہاتھ بھی پھیلانا باعث شرم خیال کرتے ہیں ایسے میں ان گھروں کی حالت زار کیا ہوگی اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔

ہم لاک ڈاؤن اور کرونا کے چکر میں ساری قوم کو بھکاری بنانے پر تلے ہیں۔ خوددار اور باوقار قومیں اپنے وسائل سے اپنا مقام پیدا کرتی ہیں اور اسلام نے دینے والے ہاتھ کو افضل قرار دیا ہے۔ کاش! پاکستان کو ریاست مدینہ بنانے کے دعویدار حکمران عوام وخواص کو "دینے والی اقوام" کے برابر لانے کی سعی کرتے، قوم کو بھکاری بنانا قطعاً قابل تعریف نہیں ہو سکتا۔ ضرورت اس امر کی ہے حکومت لوگوں کو احتیاطی تدابیر کے ساتھ کم از کم صبح نماز فجر کے بعد سے لے کر نماز مغرب تک کاروبار کی اجازت دے دے، تاکہ لوگ اپنا نظام زندگی تواتر کے ساتھ چلا سکیں۔ مغرب کے بعد کئے جانے والے کاروبار سے یوں بھی بہت سی قباحتیں جنم لیتی ہیں اس لئے حکومت معیشت کو بہتر بنانے اور عوام کا سکون بحال کرنے کیلئے واضح حکمت عملی اپنائے، یہی ملک و ملت کے حق میں بہتر ہوگا۔

ذرا جرآت کے ساتھ

(بلوچستان میں جناب سوشل میڈیا سرکار کی کارکردگی؟)

میر اسلم رند

جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ ہماری صوبائی حکومت صرف سوشل میڈیا پر عمل پیرا ہے تمام حکومت کی کارکردگی صرف سوشل میڈیا تک محدود ہے اسی وجہ سے حکومت کی تمام پالیسیاں ناکامی سے دوچار ہو رہی ہیں اس وباء کو نیم ورک نہیں بلکہ انفرادی حیثیت سے کنٹرول کیا جا رہا ہے، (65 ارکان اسمبلی) ان میں سے 20 وزیر اور مشیر سکرین سے بلکل غائب ہیں وہ اپنے اپنے علاقوں میں راشن کے ذریعے سیاست سیاست کھیل رہے ہیں، کورونا کے مسئلے پر تمام پاکستان کے میڈیا اور سیاست دانوں نے بلوچستان کی حکومت کو اس وائرس کا ذمے دار ٹھہرایا تھا کیونکہ تفتان بارڈر پر حکومت کی ناقص پالیسیاں تمام دنیا کی سامنے عیاں تھی اتنے حساس وائرس کے مریضوں کو ایک ساتھ رکھا گیا، ٹیسٹ کا نظام ایسا بنایا گیا تھا جیسے ڈنڈے کے مریضوں کے لئے انتظامات کئے جاتے ہیں ہزاروں لوگ رشوت دے کر وہاں سے بنا ٹیسٹ کئے چلے گئے عوام چیختی رہی لیکن مجال ہے جو ہماری حکومت ٹس سے مس ہوئی ہو حکومت نے اپنا فوکس صرف وضاحتوں تک محدود رکھا تھا یہی حال اسپتالوں کا ہے کوئٹہ شہر کے تمام اسپتال بند ہے حکومت عوام کے تکالیف کا کوئی مداوا نہیں کر رہی ہے سرکاری اسپتالوں میں تمام سینئر ڈاکٹرز ڈر کے مارے روپوش ہیں ان پر بھی حکومت کو کوئی کنٹرول حاصل نہیں؟ صرف چند ایسے ذمے دار ڈاکٹرز ہے جو رات دن اپنی ذمے داریاں نبھا رہے ہیں جن کو انسانیت کا احساس ہے انہوں نے ہم عوام کی خاطر اپنی زندگیوں کو خطرہ میں ڈال رکھا ہیں ہم ایسے ڈاکٹروں کو سلام پیش کرتے اور ان تمام محکموں کے کارندوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگیوں کی پروہ کئے بغیر رات دن عوام کی زندگیوں کو بچانے کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں، قرنطینہ سینٹروں میں سینئر ڈاکٹروں کی نہایت ہی کمی ہے صفائی کا بہت فقدان ہے اگر مریض نے نہ بھی مرنا ہو؟ تو گندگی، ناقص انتظامات ڈپریشن اور خوف کی وجہ سے مر جائیں گے حکومت کی طرف سے مرنے والوں کے غلط اعداد وشمار بتائیں جا رہے ہیں بلوچستان میں لاک ڈاؤن بااثر تھا؟ اور نہ ہی رہے گا کیونکہ حکومت کی گرفت نہایت ہی کمزور ہے شہر میں اکثر دوکان دار پولیس والوں کی ملی بھگت سے کاروبار جاری رکھے ہوئے تھے تمام شہر سے شکایتیں موصول ہو رہی تھی کہ دوکاندار اپنا آدھا شٹل پیچھے کر کے کاروبار کر رہے ہیں اگر کوئی دوکاندار یا شخص لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گرفتار ہو جاتا ہے تو آدھے راستے میں اسے واپس چھوڑ دیا جاتا ہے عید کے دنوں میں سرکار کی طرف سے لاک ڈاؤن میں نرمی لوگوں کی اموات کی وجہ بن رہی ہیں عوام نے گورنمنٹ کے طرف سے متعین کئے گئے کسی (ایس او پیز) پر عمل نہیں کیا، مختلف اعداد وشمار کے مطابق ایک مہینے کے دوران کوئٹہ شہر میں 300 سے زیادہ اموات ہو چکی ہیں آدھا شہر ٹائی فائیڈ میں مبتلاء ہے لیکن حکومت کو ان حالات کا کوئی ادراک نہیں میری معلومات کے مطابق صرف ایدھی سینٹر میں 20 دن کے دوران 41 افراد کو لا کر دفنایا گیا ہے اسی طرح مری آباد، سریاب روڈ۔۔ کوئٹہ ان شہر۔ نواکلی۔ خروٹ آباد۔ کچلاک۔ شالدرہ، نیو کوئٹہ، ہزارہ ٹاؤن اور مختلف علاقوں میں سینکڑوں کی تعداد میں افراد اس وباء کی وجہ سے اس دنیا فانی سے کوچ کر گئے ہیں لہٰذا سوشل میڈیا والی سرکار و بااختیار لوگوں سے گزارش ہے سب سے پہلے تمام سرکاری و پرائیویٹ اسپتالوں میں ایمرجنسی ڈاکٹرز بٹھا دیئے جائیں تاکہ مختلف بیماری میں مبتلاء یا متاثر ہونے والے مریضوں کا علاج کیا جا سکیں، اگر اس وبا کو کنٹرول کرنا ہے تو کچھ دنوں کے لئے اس شہر کو فوج یا ایف سی کے حوالے کیا جائے، اس ڈرامے والے لاک ڈاؤں کی وجہ سے ہزاروں افراد متاثر ہو رہے ہیں ہماری بے حس عوام جس کو نہ تو اپنی زندگیوں کا خیال ہے اور نہ ہی دوسرے کی زندگی کی پرواہ ہے ان کو تو ہر وقت کاروبار وسیر تفریح چاہئے ان کو اس بات سے کوئی غرض نہیں، کہ ان کی ذرا سی غفلت کی وجہ سے پورے شہر پر اثرات مرتب ہو رہے ہیں ہمارے کئی بار لکھنے کے باوجود ان حالات اور عید کے دنوں میں مختلف شاراہوں پر میلوں کی اجازت دینا اس شہر کے عوام کے ساتھ دشمنی سے کم نہیں آخر میں محکمہ ہیلتھ اور سوشل میڈیا حکومت سے گزارش ہے کورونا کے بارے میں غلط اعداد وشمار پیش کرنے سے گریز کریں اگر آپ کے لوگ آپ کو سہی اعداد وشمار نہیں دیتے تو ہم سے رابطہ کر لیا کریں، ہم شہری آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پاکستان کے معدنی وسائل اور بلوچستان کے مسائل اور کہانی ریکوڈک

میر سعید اللہ بزنجو

GSP اس ٹریننگ میں بھی کچھ کردار ادا کر رہا ہے۔ کوئٹہ میں اس صنعت کو ترقی دے کر ہم اپنے جم اسٹونز سے جیولری، مینوفیکچرنگ سنٹر اور ڈیزائننگ سنٹر بنا کر تجارت کو فروغ دے سکتے ہیں۔

ظاہر ہے کہ ان کاموں سے پہلے تو ہمیں امن وامان کا مسئلہ حل کر کے مائننگ کو بھی جدید طرز پر لانا ہوگا۔ ایسے ضوابط کو لاگو کروانا چاہیے جن کی رو سے کسی غیر کوالیفائیڈ فرد کو ایکسپلوریشن اور مائننگ کی ٹریننگ لیے بغیر لائسنس نہ دیئے جائیں کیونکہ ایسے لوگ صحیح کام نہیں کر پائیں گے اور وسائل کا نقصان ہوگا۔ یہ سیفٹی (Safety) کے لیے بھی اچھی بات نہیں۔ ایسے لوگ ہی مزدوروں سے کچے گڑھے کھدواتے ہیں جن کی دیواریں گر جاتی ہیں اور ایسی سرنگیں کھدواتے ہیں جو بیٹھ جاتی ہیں اور جانی نقصان ہوتا ہے۔ ایکسپلوریشن اور مائننگ کے لائسنس اور پرمٹ کے حصول میں کرپشن اور رشوت بھی ایک لعنت ہے جو غلط کام کرواتی ہے۔

قصہ مختصر ہمیں ہر شع

شال بقیہ 1

افریقن ریپبلک، جنوبی سوڈان، دارفور، صومالیہ، مغربی صحارا، مالی اور قبرص میں تعینات ہیں جب کہ پاکستان یو این امن مشن میں خواتین پیس کیپرز کو بھیجنے والا واحد ملک ہے۔ اس وقت اقوام متحدہ کی چھتری تلے 86 پاکستانی خواتین پیس کیپرز کانگو اور سنٹرل افریقن ریپبلکن میں خدمات سرانجام دے رہی ہیں، جن کی تعریف اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے رواں سال دورہ پاکستان کے دوران بھی کی۔ مختلف خطوں میں امن کے لیے اب تک 24 افسران سمیت 157 پاکستانی جوان اپنی جانوں کا نذرانہ بھی پیش کر چکے ہیں۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے امن مشن کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اپنے بہادر امن دستوں کے قربانی کے جذبے کو یاد کرتا ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستانی امن دستے دنیا میں انسانیت کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت عالمی امن کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔

شال بقیہ 2

گیا اجلاس میں شیخ زید اور فاطمہ جناح اسپتال کے ڈاکٹروں، پیرا میڈکس لیبارٹری ٹیکنیشنز اور بلاواسطہ ڈیوٹی دینے والے اسٹاف اور سیکورٹی اہلکاروں کے لیے مالی مراعات کا اعلان بھی کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ڈیوٹی کی نوعیت کے مطابق ڈاکٹروں، پیرا میڈکس دیگر اسٹاف اور سیکورٹی اہلکاروں کو ماہانہ ایک تا تین بنیادی تنخواہیں دی جائیں گی اور اضافی بنیادی تنخواہوں کی ادائیگی یکم مارچ 2020 سے لاگو ہوگی محکمہ صحت ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کی ڈیوٹی کی نوعیت سے متعلق تفصیلات محکمہ خزانہ کو فراہم کریگا اجلاس میں سمارٹ لاک ڈاؤن، عوام کے عدم تعاون اور احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد نہ کرنے کے باعث وائرس کے پھیلاؤ میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا گیا اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ نجی اسپتالوں اور رجسٹرڈ کلینکس میں او پی ڈی اور علاج معالجہ پر پابندی نہیں تاہم حفاظتی تدابیر کی ایس او پی پر عملدرآمد لازم ہوگا اجلاس میں سرکاری اسپتالوں میں سمارٹ او پی ڈی کے آغاز کا فیصلہ کرتے ہوئے محکمہ صحت کو اس حوالے سے اقدامات کی ہدایت کی گئی۔

شال بقیہ 3

اجلاس میں کورونا وائرس کے خلاف اقدامات پر غور ہوگا۔ 31 مئی کو ہونے والے قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں تمام صوبے اپنی سفارشات وفاقی حکومت کے سامنے رکھیں گے جس کے بعد وزیراعظم عمران خان حتمی فیصلہ کریں گے۔ اس سے قبل 7 مئی کو ہونے والے قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں 9 مئی سے لاک ڈاؤن میں مزید نرمی کا اعلان کیا گیا تھا اور وزیراعظم عمران خان کا کہنا تھا کہ ہم نے 9 مئی سے مرحلہ وار لاک ڈاؤن کو کھولنے کا فیصلہ کیا ہے، ہم نے جو فیصلہ کیا وہ تمام صوبوں کے ساتھ مل کر کیا ہے۔ اس کے بعد عید کے موقع پر سپریم کورٹ نے بھی تمام کاروبار اور شاپنگ مالز پورے ہفتے کھولنے کا حکم جاری کر دیا تھا جس کے بعد تمام کاروبار اور شاپنگ مالز شام 5 بجے تک کھولنے کا اعلان کر دیا گیا تھا۔ لاک ڈاؤن موجودہ شرائط کے ساتھ 31 مئی تک جاری رہے گا تاہم اس سے قبل وزیراعظم کی زیر صدارت قومی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں اس حوالے سے مزید فیصلے کیے جائیں گے۔ خیال رہے کہ ملک میں کورونا سے 1334 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ نئے کیسز سامنے آنے کے بعد مریضوں کی تعداد 64028 تک پہنچ گئی ہے۔

شال بقیہ 4

انصاف تک رسائی کو یقینی بنانا پاکستان تحریک انصاف کے منشور کا بنیادی جزو ہے، انصاف کے موجودہ نظام پر عوام کا اعتماد بہت حد تک متزلزل ہو چکا ہے، انصاف کے نظام میں بہتری کے لئے عوام کی توقعات موجودہ حکومت سے وابستہ ہیں۔ جمعہ کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت موجودہ دور حکومت میں عوام کو انصاف کی سہل اور فوری فراہمی کے لئے کی جانے والی قانونی اصلاحات کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر قانون بیرسٹر فروغ نسیم، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، اٹارنی جنرل خالد جاوید خان، پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون ملائیکہ علی بخاری و دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیر قانون بیرسٹر فروغ نسیم نے موجودہ دور حکومت میں انصاف کے نظام میں کی جانے والی اہم اصلاحات مثلاً ذیوانی مقدمات کی جلد تشکیل، انتقال وراثت، خواتین کو وراثتی جائیداد میں ان کا حق دلانا، ریاست کی جانب سے کمزور اور نادار طبقات کو قانونی معاونت کی فراہمی اور کریمنل جسٹس سسٹم میں کی جانے والی اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سول پروسیجر میں اصلاحات کے نتیجے میں سالہا سال سے التوا کا شکار رہنے والے مقدمات کی تکمیل کے لئے ایک وقت مقرر کر دیا گیا ہے، متعلقہ قوانین میں اصلاحاتی عمل اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے جہاں نظام میں بہتری آئے گی وہاں سائلین کو آسان اور فوری انصاف میسر آسکے گا۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں جدید فارنزک لیبارٹری کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 5

اور سابق وزیراعظم نواز شریف عدالت میں پیش نہ ہوئے۔ دوران سماعت نیب نے عدالت میں یوسف رضا گیلانی اور عبدالغنی مجید کو گرفتار کرنے کی استدعا کی جبکہ نیب پراسیکیوٹر مظفر علی نے آصف زرداری اور نواز شریف کے بھی وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی استدعا کی۔ نیب پراسیکیوٹر نے بتایا کہ نواز شریف اور آصف علی زرداری کو سمن ان کی رہائش گاہوں پر وصول کروائے جبکہ انور مجید ہسپتال میں زیر علاج ہیں لہذا وہاں سمن وصول نہیں کیے گئے۔ وکلاء صفائی نے کہا کہ سید یوسف رضا گیلانی اور عبدالغنی مجید پیش ہوئے ہیں، ملزم انور مجید ہسپتال میں زیر علاج ہیں اور انہیں سفر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ وکیل صفائی نے کہا کہ ملزم پیش ہوں تو ان کی حاضری لگا کر جانے کی اجازت دی جائے، چیئرمین نیب نے وارنٹ گرفتاری جاری نہیں کیے تو نیب پراسیکیوٹر کیسے گرفتاری کا کہہ سکتے ہیں؟ جج احتسابی نے ریمارکس دیے کہ آصف علی زرداری کے سمن کی تعمیل چوکیدار سے کروائی گئی جس پر ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نیب نے جواب دیا کہ قانون کے مطابق ملزم کے ملازم کو سمن کی تعمیل کروا سکتے ہیں، آصف علی زرداری کا طلبی کا سمن وصول کیا گیا۔

شال بقیہ 6

کورٹ کے جج اور اہل خانہ کے بارے میں معلومات غیر قانونی طور پر اکٹھا کیں، شہزاد اکبر نے اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں کچھ ظاہر کیوں نہیں کیا؟ ان کا انکم ٹیکس اور ویلتھ اسٹیٹس کیا ہے؟ شہزاد اکبر نے کب اپنے انکم ٹیکس ریٹرن داخل کرانا شروع کیے؟ انہوں نے اپنی جائیداد، اثاثوں اور بینک اکاؤنٹس کے بارے میں کیوں نہیں بتایا؟ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سوال اٹھائے کہ شہزاد اکبر نے اپنی بیوی اور بچوں کے نام کیوں ظاہر نہیں کیے؟ ان کی بیوی اور بچے کس ملک کی شہریت رکھتے ہیں؟ کیا شہزاد اکبر کی بیوی اور بچوں کی جائیدادیں پاکستان میں ہیں یا بیرون ملک؟ کیا انہوں نے اپنی بیوی اور بچوں کی جائیدادیں اپنے گوشواروں میں ظاہر کیں؟ عدالتی توہین کے پیچھے سابق اٹارنی جنرل انور منصور خان، وفاقی وزیر قانون فروغ نسیم اور شہزاد اکبر مرزا کی ٹکوں ہے۔

شال بقیہ 7

کی تکمیل سے صوبے بھر میں ایک معاشی انقلاب آئے گا۔ لوگوں کو روزگار ملے گا اور ترقی و خوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہی پیک سے منسلک منصوبوں میں ہائیڈرو پاور پراجیکٹس، کیولیکھن پراجیکٹس، سوشیو اکنامک منصوبے، اکنامک زونز، ایجوکیشن و دیگر شعبے شامل ہیں جن کی تکمیل سے صوبے کی معیشت کو وسعت اور استحکام ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ بلوچستان میں عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون سے امن لوٹ آیا ہے، افغانستان اور دیگر سنٹرل ایشیائی ممالک کے ساتھ دو طرفہ تجارت کی بہتری کیلئے کوششیں جاری ہیں جس سے علاقائی تعاون، امن و امان اور دو طرفہ تجارت مزید بہتر ہوگی۔ وزیر داخلہ کا مزید کہنا تھا کہ صوبے کے تمام اضلاع کی ترقی و خوشحالی پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ بیرونی سرمایہ کاری صوبے کی ترقی کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے صوبائی حکومت صوبے میں معاشی انقلاب برپا کرنے کیلئے تمام ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ صوبائی حکومت کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے فرنٹ لائن پر کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی بھی کرے گی تاکہ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی مزید بہتر اور دلجوئی سے کریں۔

شال بقیہ 8

کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹے میں ریکارڈ 2 ہزار 636 کیسز سامنے آئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر 60 لاکھ لوگ وبا کا شکار ہیں اور 3 لاکھ 62 ہزار اموات ہو چکی ہیں جبکہ 25 لاکھ سے زائد افراد صحتیاب ہوئے ہیں۔ معاون خصوصی نے کہا کہ 64 ہزار مصدقہ کیسز میں سے 35 فیصد مکمل طور پر صحتیاب ہو چکے ہیں لیکن اموات میں بتدریج اضافہ ہوا ہے اور پچھلے 24 گھنٹے میں 57 اموات رپورٹ ہوئیں۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹے میں سب سے زیادہ 157 افراد کو وینٹی لیٹرز پر منتقل کیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ وینٹی لیٹرز پر موجود ہونا بیماری کی شدید نوعیت کو ظاہر کرتا ہے لیکن وینٹی لیٹرز پر موجود 85 سے 90 فیصد جانبر نہیں ہو سکتے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت نے کہا کہ عالمی وبا کورونا وائرس ملک بھر میں پھیل رہی ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کو اموات اور کیسز کی تعداد میں مزید اضافے کا خدشہ ہے لیکن صورتحال قابو میں ہے۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کہا کہ اس وقت مختلف ہسپتالوں میں کورونا وائرس کے لیے مختص 18 سے 20 فیصد وینٹی لیٹرز استعمال ہو رہے ہیں جبکہ شہروں کے بڑے ہسپتالوں میں صورتحال تھوڑی تشویشناک ہو جاتی ہے کہ بھی بستر نہیں ملتے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر ملک بھر کے ہسپتالوں میں بستروں اور وینٹی لیٹرز کی تعداد کی نگرانی کر رہا ہے اور اب تک ملک میں ان کی وافر مقدار موجود ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ کورونا وائرس سے متعلق ہماری تیاری اور وینٹی لیٹرز کی صورتحال سے متعلق (آج) 30 مئی کو تفصیلات بیان کی جائیں گی۔ ڈاکٹر ظفر مرزا نے کورونا وائرس سے انتقال کرنے والے مریضوں کی تدفین سے متعلق نیا ہدایت نامہ جاری کیا ہے جو حکومت کی کووڈ-19 ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

شال بقیہ 9

29 ہلاکتیں سامنے آئی ہیں جس کی تصدیق پی ڈی ایم اے نے کی۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق صوبے میں کورونا کے مریضوں کی مجموعی تعداد 22964 اور ہلاکتیں 410 ہوگئی ہیں۔ صوبے میں اب تک کورونا سے صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 6338 ہوگئی ہے۔ بلوچستان میں کورونا کے مزید 312 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں اور 19 ہلاکتیں بھی سامنے آئیں جس کی تصدیق محکمہ صحت کی جانب سے کی گئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق صوبے میں کل کیسز کی تعداد 3928 ہوگئی ہے، اب تک 60 اموات ہو چکی ہیں اس کے علاوہ صوبے میں کورونا سے صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 1354 ہے۔ وفاقی دارالحکومت سے کورونا وائرس کے مزید 85 کیسز اور 3 اموات سامنے آئی ہیں جو سرکاری پورٹل پر رپورٹ کی گئی ہیں۔ پورٹل کے مطابق اسلام آباد میں کیسز کی مجموعی تعداد 2100 جب کہ اموات 22 ہو چکی ہیں۔ اسلام آباد میں اب تک کورونا وائرس سے 161 مریض صحت یاب بھی ہو چکے ہیں۔ آزاد کشمیر میں آج کورونا کے مزید 8 کیسز سامنے آئے ہیں جس کی تصدیق سرکاری پورٹل پر کی گئی ہے۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق علاقے میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 227 ہوگئی ہے، علاقے میں اب تک وائرس سے 5 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ سرکاری پورٹل کے مطابق آزاد کشمیر میں کورونا سے اب تک 99 افراد صحت یاب ہو چکے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں مزید 13 افراد جان کی بازی ہار گئے جس کے بعد صوبے میں ہلاکتوں کی مجموعی تعداد 445 تک پہنچ گئی ہے۔ صوبائی محکمہ صحت کے مطابق کے پی میں مزید 225 مریض سامنے آئے جس کے بعد متاثرہ مریضوں کی تعداد 9067 ہوگئی جب کہ اب تک 2731 افراد کورونا وائرس سے صحت یاب بھی ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 10

آئی ہے۔ چیف جسٹس ہائی کورٹ نے کورونا کا ٹیسٹ مثبت آنے پر خود کو گھر میں قرنطینہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس ہائی کورٹ کی حالت بہت بہتر ہے اور وہ گھر سے ہی عدالتی امور سرانجام دے رہے ہیں۔ واضح رہے کہ جسٹس جمال خان مندوخیل بلوچستان ہائی کورٹ میں کورونا کے حوالے سے زیر سماعت مقدمے میں جج کی سربراہی کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 11

امور پر پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بھارت اپنے جارحانہ عزائم کے باعث پورے خطے کے امن و استحکام کو داؤ پر لگا رہا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ خطے میں امن و امان کی صورتحال کو پیش نظر رکھتے ہوئے، عالمی برادری کو بھارت سرکار کی بڑھتی ہوئی انتہا پسندی کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ ملاقات کے دوران کورونا وائرس کی وجہ سے بیرون ملک پھنسے پاکستانیوں کو وطن واپس لانے کے حوالہ سے کئے جانے والے اقدامات اور اس حوالہ سے پیشرفت پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی۔

شال بقیہ 12

ارب سے زیادہ کا وفاقی بجٹ پیش کئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بجٹ محصولات کا ہدف ساڑھے 4100 سے 4500 ارب مقرر کئے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی ترقیاتی بجٹ 530 ارب روپے تک مختص کئے جانے کا امکان ہے، ترقیاتی منصوبوں کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 200 ارب سے زیادہ مختص کئے جانے کا امکان ہے، رواں سال وفاقی بجٹ میں تین ہزار ارب روپے تک خسارے کا امکان ہے، کورونا سے خسارے کا امکان ہے، کاروباری طبقے کے ریلیف کے لئے 1 ہزار ارب سے مختص ہونے کا امکان ہے، تعمیراتی صنعت کو وفاقی بجٹ میں خصوصی مراعات دینے کا فیصلہ کر لیا گیا، آئندہ بجٹ میں بنیادی اشیائے خورد و نوش پر ٹیکس کی شرح مزید کم ہوگی، ادویات سے متعلق اشیاء پر بھی ٹیکس کی شرح میں کمی کا امکان ہے، وفاقی حکومت نے ہیلتھ بجٹ صوبوں سے مشاورت کے ساتھ تیار کرنے کا فیصلہ کر لیا، وفاقی اور صوبائی صحت بجٹ میں خاطر خواہ اضافے کا امکان ہے، ملکی سلامتی کے پیش نظر دفاعی بجٹ میں بھی اضافہ کیا جائے گا، آئندہ بجٹ میں بڑے گھروں اور فارمز ہاؤسز پر لگژری ٹیکس لگانے کا امکان ہے، 2 سے 4 کنال کے بڑے پر ایک لاکھ تا دو لاکھ لگژری ٹیکس لگنے کا امکان ہے، 4 کنال سے بڑے فارم ہاؤس پر لگژری ٹیکس، اور انتقال ٹیکس میں اضافہ کا امکان ہے بڑی گاڑیوں، قیمتی ٹائرز سمیت ایسے رنڈ لگژری آئٹمز پر ٹیکس لگائے جانے کا امکان ہے، آئندہ بجٹ میں پراپرٹی اشیاء پر ٹیکس میں اضافے کا بھی امکان ہے، 160 ایسے رپورٹ آئٹمز پر دو فیصد ڈیوٹی لگانے کا بھی امکان ہے۔

شال بقیہ 13

افغانستان روانہ کیا جائے گا۔ پاکستان چین اقتصادی راہداری اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹیو سے علاقائی اقتصادی تعلقات کو فروغ حاصل ہوگا۔ جبکہ گوادر بندرگاہ سے بڑی سطح پر تجارتی سرگرمیاں شروع ہو گئی ہیں اس میں دونوں ملکوں کے کاروباری حلقوں نے اس پیش رفت کو تجارت کے فروغ کے لیے اہم قدم قرار دیا ہے گوادر بندرگاہ کے ذریعے افغانستان کے لیے چینی، کھاد اور گندم کی برآمدات کی ترسیل سرحد پر ٹرکوں کے ذریعے کی جائے گی۔ گوادر بندرگاہ کے حکام نے بتایا کہ افغانستان برآمد کے لیے مزید 16 ہزار میٹرک ٹن کھاد، اور پانچ لاکھ میٹرک ٹن گندم آئندہ ماہ گوادر بندرگاہ پر پہنچے گی۔

شال بقیہ 14

کیسز آنے کے بعد مریضوں کی تعداد 47 سے بڑھ کر 52 ہو گئی ہیں جن میں نیشنل ہیلتھ ورکر بھی شامل ہے، گزشتہ روز مزید 28 سیمپلز ٹیسٹ کیلئے بھیجے گئے ہیں، ان کی رپورٹ آنا ابھی باقی ہے۔ انہوں نے عوام الناس سے گزارش کی کہ احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد کریں تاکہ یہ وائرس مقامی طور پر مزید نہ پھیلے انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی جانب سے کورونا وائرس پر قابو پانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں لیکن اگر عوام نے بے احتیاطی کی تو کورونا تیزی سے پھیل سکتا ہے۔

شال بقیہ 15

لاشوں پر بھی معیشت کھڑی نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے کہا کہ پنجاب میں تین دن تک کاروبار پر بندش لاک ڈاؤن نہیں تو اور کیا ہے؟ جو چیز پنجاب میں جائز وہ سندھ میں کیسے ناجائز ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے شاہی ڈرائیور بن کر ملک کی عزت اور وقار کو تماشہ بنایا، بلاول بھٹو کا بیانیہ عقل کے اندھوں کو سمجھ نہیں آتا۔ ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے کہا کہ نالائق وزیراعظم نے ملک کو کورونا اور ٹڈی دل کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔

شال بقیہ 16

میں برابر کے شریک ہیں۔ صدر نے کہا کہ طیارہ حادثہ کے جاں بحق افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیلئے رابطہ کروں گا۔ صدر نے پی آئی اے کی جانب سے طیارہ حادثہ کے بعد ریلیف اقدامات اور امدادی سرگرمیوں کو سراہا۔

شال بقیہ 17

پبلک ہونے کے حق میں ہیں، میں بھی طیارہ حادثے کی انکوائری رپورٹ پبلک کرنے کے حق میں ہوں۔ انہوں نے کہا کہ طیارہ حادثے کے لواحقین در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، ان کے لواحقین کے مطالبات جائز ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بلدیہ ٹاؤن کی فیکٹری میں آگ لگنے کی جے آئی ٹی رپورٹ بھی پبلک ہونی چاہیے، بلدیہ کی فیکٹری میں آگ لگنے کی جے آئی ٹی کے مطابق واقعے میں ایسے لوگ ملوث ہیں جو آج بھی سیاست کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جے آئی ٹی کے مطابق بلدیہ فیکٹری میں آگ حادثہ نہیں دہشت گردی تھی۔ علی زیدی نے مطالبہ کیا کہ عزیر بلوچ اور ثار مورائی کی جے آئی ٹیز پبلک کی جائیں، عزیر بلوچ کی جے آئی ٹی میں جن کا نام ہے وہ آج بھی ایک پارٹی کے سربراہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی کے عوام کے ساتھ گزشتہ دو دہائیوں سے ناانصافی ہو رہی ہے، سندھ ہائی کورٹ نے 28 جنوری کو جے آئی ٹیز پبلک کرنے کا فیصلہ دیا تھا۔ وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے کہا کہ چیف سیکریٹری کو جے آئی ٹی فراہم کرنے کے لیے خط لکھا ہے، جس کا آج تک جواب نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ جہاں جہاں غلط ہوا ہمیں زیادتی کے خلاف کھڑا ہونے پڑے گا، عدالت کا حکم ہے کہ جے آئی ٹیز پبلک کی جائیں مگر نہیں کی گئیں۔ علی زیدی نے کہا کہ یہ لوگ میری گاڑی میں نہیں بیٹھتے تھے، کہتے تھے خودکش بنا ہوا ہے، عزیر بلوچ کی جے آئی ٹی مانگ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خالد شہنشاہ کے قاتل کا آج تک پتہ نہیں چلا، مارنے والے سے بچانے والا بڑا ہے، ایسے لوگوں کو سیاست سے باہر کیا جائے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ ڈرگ پیڈلر بڑا معصوم بنتا ہے، پولیس کے اپنے ایس پی کی رپورٹ ہے، اس کا اپنا بھائی ملوث ہے، پہلے لوگ گولی سے مارتے تھے اب نشیلے سمرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ شرم نہیں آتی پھر بھی وفاقی حکومت پر تنقید کرتے ہو، آپ نے ڈینس اور کافنٹن میں زبردست لاک ڈاؤن کیا۔ علی زیدی نے یہ بھی کہا کہ احساس پروگرام میں اور نئی ٹاؤن، کئی پہاڑی، لانڈھی گیا وہ سب کھلا ہے۔

شال بقیہ 18

معیشت 3 فیصد سے زیادہ سکڑنے کی گراف کے سال کے دوران عالمی معیشت میں کچھ بہتری آنے کی توقع ہے۔ ایم ڈی آئی ایم ایف کے مطابق آئندہ مہینوں میں عالمی معیشت میں 9 ٹریلین ڈالرز لگانے کی ضرورت ہوگی کیونکہ کورونا کی وجہ سے سرمایہ کاروں نیا ایمرجنگ مارکیٹ سے 100 ارب ڈالر سے زیادہ نکال لیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپریل اور مئی میں ایمرجنگ مارکیٹ نے 77 ارب ڈالر کا قرض لیا ہے لہذا مستقبل میں ایسے ممالک جن پر قرض زیادہ ہے ان کو مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایم ڈی آئی ایم ایف کے مطابق ابھی تک غریب ممالک کو 22 ارب ڈالر کا ریلیف دیا جا چکا ہے اور جلد قرض کی مد میں مجموعی طور پر 27 ارب ڈالر کا ریلیف دیا جائے گا۔

شال بقیہ 19

نے افغان فورسز کی پوسٹوں پر حملے کر کے 14 فوجیوں کو ہلاک کر دیا جبکہ تین دیگر زخمی بھی ہو گئے۔ افغان وزارت دفاع نے ایک بیان جاری کیا ہے جس میں ان حملوں میں ہلاکتوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ طالبان نے عیدالفطر کے موقع پر کی گئی تین روزہ فائر بندی کی خلاف ورزی کی ہے۔ بیان کے مطابق افغان فورسز نے طالبان کو پسپا کر دیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ جوابی کارروائی میں بڑی تعداد میں طالبان ہلاک زخمی ہو گئے ہیں تاہم تفصیل نہیں بتائی۔ گزشتہ تین روز کے دوران طالبان کا یہ دوسرا بڑا حملہ ہے۔ گزشتہ روز بھی طالبان نے صوبہ پروان میں حملہ کر کے 7 سیکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کر دیا تھا۔

شال بقیہ 20

کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل پاکستان نے سندھ ہائی کورٹ کو آگاہ کیا کہ 22 جون تک رپورٹ آنے کے امکان ہیں، وزیراعظم کی ہدایت پر رپورٹ بھی پبلک کی جائیگی، جس پر عدالت نے کہا حکومت کو پہلے رپورٹ پیش کرنے دیں، بعد میں نوٹس کریں گے۔ عدالت نے کہا اے ٹی آر طیارہ حادثے پر سول ایوی ایشن نے اپنا جواب جمع کرایا، جسٹس محمد علی مظہر کا کہنا تھا کہ آپ پہلے وہ جواب پڑھیں بعد میں دلائل دیں، پی آئی اے طیارہ حادثے کی تحقیقات تو ہو رہی ہیں، وزیراعظم سمیت اعلیٰ حکام خود بھی معاملے کو دیکھ رہے ہیں اور فرانسیسی ٹیم تحقیقات کر رہی ہے، انکوائری رپورٹ سے پہلے حکومت کو کیسے نوٹس جاری کریں۔ درخواست گزار نے کہا 22 مئی کو جو طیارہ تباہ ہوا وہ ناکارہ تھا، جس پر عدالت نے کہا آپ نے تو استدعا کی پی آئی اے کے تمام طیارے گراؤنڈ کر دیں اور درخواست گزار سے استفسار کیا یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے؟ عدالت نے کہا حادثے پر حتمی رپورٹ سے پہلے کوئی بات کر نہیں کر سکتے، جس کے بعد سندھ ہائی کورٹ نے درخواست پر مزید سماعت 25 جون تک ملتوی کر دی۔

شال بقیہ 21

صدر نیکاف کس طرح کیس بناتا؟ کس طرح اپنے ملک کے صدر کو سوئس مجسٹریٹ کے سامنے پیش ہونے دیتا؟ اگر میں یہ کرتا تو میرے اوپر آرٹیکل چھ لگتا تھا؟، میں نیب زدہ نہیں نیب زدہ ہوں، پہلے بھی جیلیں بھگت چکا ہوں، عدالتوں کا احترام کرتا ہوں، جن لوگوں نے میرے اوپر کیسز بنائے وہ میرے وزیر بن گئے اور میں ان کا وزیراعظم۔

شال بقیہ 22

چراں نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ جی حضوری میں مشغول اور سیاست سے یکسر نابلد مسلط کردہ یہ غیر سیاسی ٹولہ اس حقیقت کا بھی ادراک نہیں رکھتا کہ معاشی طور پر خوشحال صوبے ہی ایک مضبوط وفاق کی ضمانت فراہم کرتے ہیں خودسری کی انتہا ہے کہ کورونا کی آڑ لیتے ہوئے دانستہ طور پر اہم ترین آرڈیننس پارلیمنٹ کے سامنے پیش نہیں کئے جو آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے ٹیکس لائی ترمیمی آرڈیننس کا ڈھانچہ تبدیل کیا گیا اس منفی طرز عمل نے پارلیمنٹ کو مزید بے وقعت کرنے کی بنیاد میں ایک اور اینٹ کا اضافہ کر دیا آئین کے مطابق سوائے پارلیمنٹ ایکٹ کے وفاق کیلئے کوئی بھی ٹیکس عائد نہیں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 23

سرکا تاج ہیں، یو این پیس کیپرز ڈے کے اس سال کا تھیم ویمن ان پیس کیپنگ کے مطابق پاکستانی خواتین سپاہیوں کے کردار کو سلام پیش کرتے ہیں۔ سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ محب وطن پاکستانی سپاہیوں کی جرات، جذبہ اور عزم مصمم ناقابل تسخیر ہے، عالمی سطح پر امن برقرار رکھنے کے حوالے سے انکی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

شال بقیہ 24

نے کورونا وائرس یا اسکے شبے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے حوالے سے نئی پالیسی مرتب کی ہے جس کے مطابق ہسپتالوں میں کورونا وائرس کے شبے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ٹیسٹ کئے جائیں گے جبکہ ہسپتال کے ڈاکٹر علامات کا جائزہ لینے کے بعد موت کو کورونا وائرس سے ہونے یا نہ ہونے کے حوالے سے فیصلہ دیں گے پالیسی کے حوالے سے گزشتہ دو ہفتوں کی اموات کا ڈیٹا مرتب کر کے محکمہ صحت کی رپورٹ میں شامل کر لیا گیا ہے۔

شال بقیہ 25

میں جواب طلب کر لیا۔ جمعہ کو سینیٹ سیکرٹریٹ نے چیئرپرسن ایف بی آر نوشین جاوید کے نام مراسلہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی چیئرپرسن ایف بی آر کے رویے پر سخت نالاں ہے، چیئرپرسن ایف بی آر دو طے شدہ ملاقاتوں سے معذرت کر چکی ہیں، چیئرپرسن ایف بی آر ذاتی حیثیت میں غیر ذمہ دارانہ رویے پر وضاحت پیش کرے، غیر تسلی بخش جواب کی صورت میں معاملہ سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے استحقاق کو بھیجا جا سکتا ہے، مراسلہ کے مطابق چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی چیئرپرسن ایف بی آر کے غیر ذمہ دارانہ رویے پر برہمی کا اظہار کیا، چیئرمین سینیٹ اور چیئرپرسن ایف بی آر کی اپریل اور مئی میں ملاقاتیں شیڈول تھیں، پالیسی بورڈ کے ممبر سینیٹر کبدہ بابر بھی چیئرپرسن کی غیر ذمہ دارانہ رویہ سے متعلق مشیر خزانہ کو آگاہ کر چکے ہیں۔

شال بقیہ 26

کہ بلوچستان کا معاشی دارمدار زراعت اور غلہ بانی پر ہے جسے ان دنوں ٹڈی دل سے نقصان پہنچ رہا ہے صوبے کے مختلف اضلاع میں کھڑی فصلوں پر ٹڈی دل کے حملوں سے اب تک زمینداروں کا کروڑوں روپے کا نقصان ہو چکا ہے جبکہ جون کے پہلے ہفتے میں ٹڈی دل کے انتہائی خطرناک حملے کا اندیشہ ظاہر کیا جا چکا ہے۔

شال بقیہ 27

میں اضافہ کر لیا۔ لداخ میں بھارتی فوجیوں کی تعداد میں بھی اضافہ کر دیا گیا، گولوان وادی کے تین پوائنٹس اور پینگانگ جھیل پر بھارتی اور چینی فوجی آمنے سامنے ہیں۔ واضح رہے کہ لداخ کے علاقے میں بھارت اور چین تنازع شروع ہوئے ایک ہفتے سے زائد وقت گزر چکا ہے، بھارت نے اپنے توسیع پسندانہ غیر قانونی مقاصد پورے کرنے کیلئے پہلے نیپال کے ساتھ سرحدی تنازع شروع کیا تاہم جب چین کے ساتھ جھڑپیں شروع کیں تو بھارت کو بھرپور جواب ملا جس پر بھارتی فوجیں پسپائی پر مجبور ہوئیں۔

شال بقیہ 28

سیکرٹری بلوچستان لیبر (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق صوبے میں ٹڈی دل کے حملوں کے بعد محکمہ زراعت جو کہ کورونا وائرس کے دوران لاک ڈاؤن کی وجہ سے 21 مارچ کو بند کیا گیا تھا کو کھول دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 29

کے قریب ایک نوجوان سید صاحب ولد غیر وزشاہ سکنہ اوتھل مولر سائیکل دیوار سے ٹکرانے کے نتیجے میں جاں بحق ہو گیا متوفی نوجوان سابق وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید عبداللطیف شاہ کا کلی کا بھانجا ہے۔

شال بقیہ 30

تحصیل پنجگور میں محبوب ولد علی جان قوم ساسولی ساکن ہزار گنجی نال نے اپنے آپ کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کر دیا ت

وطن عزیز کو ناقابل تسخیر بنانے والے قومی ہیروز خراج تحسین کے مستحق ہیں، عمر جمالی

پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہمیں مل کر عملی جدوجہد کرنا ہوگا پاکستان سے ہی ہماری پہچان ہے

پوری قوم اپنے ہیروز کے ناقابل فراموش کارنامے پر انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وبین الصوبائی امور

گوادر، ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن (ر) محمد وسیم الخدمت واٹر فلٹریشن پلانٹ کا معائنہ کررہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ وبین الصوبائی امور میر عمر خان جمالی نے کہا ہے کہ وطن عزیز کو ناقابل تسخیر بنانے والے قومی ہیروز خراج تحسین کے مستحق ہیں پوری قوم اپنے ہیروز کے ناقابل فراموش کارنامے پر انہیں ہمیشہ یاد رکھے گی وطن عزیز کے حفاظت اور تاقیامت سلامتی کے لیے کیے گئے اقدامات سے دشمن کی تمام تر سازشیں ناکام ہوگئی ہیں پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے ہمیں مل کر عملی جدوجہد کرنا ہوگا پاکستان سے ہی ہماری پہچان ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا میر عمر خان جمالی نے کہا کہ نگی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے پاک فوج نے ہر محاذ پر دشمن کے ناپاک عزائم کو چکنا چور کرکے ثابت کیا ہے کہ پاک فوج دنیا کی نمبر ون فوج ہے دشمن کے عزائم بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

دہشت میں 12 غیر قانونی نجی کلینک سیل

مستونگ (نامہ نگار) دہشت میں 12 غیر قانونی نجی کلینک سیل۔ موسمی تاریخیں وطن کی آمد کے ساتھ ہی دہشت میں غیر قانونی نجی کلینکس کی تعداد میں اضافہ ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر مستونگ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دہشت بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لادین قوتیں ملک کے اسلامی تشخص کو مٹانا چاہتے ہیں' مولانا عبدالقادر لونی

مدارس اور اہل مدارس کے خدمات استعماری قوتوں کی آنکھوں میں کھٹکتے ہیں

ملک میں اسلامی قوانین ونظام کے نفاذ کا راستہ مکمل طور پر روکنے کی سازشیں کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی' مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی' مولانا طاہر نوری' مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی' سید حاجی عبدالستار چشتی' مولانا عبدالرؤف' حاجی حیات اللہ کاکڑ' مفتی فدا الرحمن ودیگر نے کہا کہ لادین قوتیں ملک کے اسلامی تشخص کو مٹانا چاہتے ہیں لبرل اور سیکولر قوتیں ملک کا بنیادی ہدف ملک کے اسلامی نظریاتی تشخص کو سرے سے ختم کردینا اور ملک میں اسلامی قوانین ونظام کے نفاذ کا راستہ مکمل طور پر روکنے کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

حکومت کی نااہلی اور لاپرواہی کے باعث قحط سالی کا خدشہ ہے، مولانا واسع

حکومت نے کورونا کی طرح بلوچستان کی فصلات اور باغات ٹڈی دلوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے

بلوچستان کی فصلات بچانے کیلئے ٹڈی دل کو تلف کرنے کیلئے صوبائی سطح پر موثر ایمرجنسی کا نفاذ ضروری ہے' صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان پر ٹڈی دل کی یلغار نے تباہی مچادی ہے حکومت نے کورونا کی طرح بلوچستان کی فصلات اور باغات ٹڈی دلوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے حکومت کی نااہلی اور لاپرواہی کے باعث صوبے میں قحط سالی کا خدشہ ہے جس کی تمام تر ذمہ داری موجودہ نااہل حکومت پر عائد ہوگی انہوں نے کہا انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس وقت بلوچستان بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کراچی، وفاقی وزیر برائے سمندری امور علی حیدر زیدی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

پڑوسیوں کے حقوق کا خیال رکھیں، بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں، سردار فقیر محمد پندرانی

آج کل جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے اسی لئے ہم سب کو اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینی ہوگی

گڑھی خیرو (نامہ نگار) پڑوسیوں کے حقوق کا خیال رکھیں، بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں، قوم کی فلاح وبہبود اولین ترجیح ہے، سردار فقیر محمد پندرانی، رپورٹ کے مطابق پندرانی قبیلے کے سردار گاجی خان پندرانی کی وفات کے بعد اس کے سوئم کے موقع پر گڑھی خیرو کے قریب گوٹھ سردار گاجی خان پندرانی میں منعقدہ کثیر تاجپوشی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پندرانی قبیلے کے نومنتخب سردار فقیر محمد پندرانی نے کہا کہ ہمیں اپنے قبیلے کے ساتھ ساتھ پڑوسیوں کے حقوق کا بھی خیال رکھنا چاہیئے، آج کل جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے اسی لئے ہم سب کو اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینی ہوگی، ورنہ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ماسٹر پلان کے نام پر معزز عوام کو بے روزگار کیا جارہا ہے' حاجی بابو محمد انور لونی

عوام پہلے سے ہی کورونا کی وجہ پریشان حال ہے علاقے کے سفید پوش دو وقت کی روٹی کے لیے حیران ہے

واہلدین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما وقبائلی شخصیت حاجی بابو محمد انور لونی نے اپنے جاری کردہ بیان میں واہلدین ماسٹر پلان پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر پلان کے نام پر معزز عوام کو بے روزگار کیا جارہا ہے عوام پہلے سے ہی کورونا کی وجہ پریشان حال ہے علاقے کے سفید پوش دو وقت کی روٹی کے لیے حیران ہے کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے مگر موجودہ ایم پی اے ماسٹر پلان کے ذریعے مزید عوام کو بے روزگاری کی بھٹی میں پھینکنے پے تلا ہوا ہے اگر واہلدین شہر کو ماسٹر پلان کے ذریعے ماڈل سٹی بنانا ہے تو تمام دکان ومکان مالکان کو اعتماد میں لے کر بنایا جائے نا کہ چوری بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ثاقب خان کاکڑ پرائس کنٹرول کمیٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میر فقیر محمد خان پندرانی کو پندرانی قبیلے (سلیمانزئی) گھرانے کا سربراہ مقرر کردیا گیا

گندا ہو (نامہ نگار) میر فقیر محمد خان پندرانی کو پندرانی قبیلے (سلیمانزئی) گھرانے کا سربراہ مقرر کردیا گیا گوٹھ فقیر آباد پندرانی میں ان کی دستار بندی کرائی گئی تقریب کے مہمان خاص بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتوں کو عوام کی خدمت کرنے کا موقع دیا جائے' فیض اللہ خان کاکڑ

صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود یہاں کی عوام کسپوڑے کی زندگی سے دوچار ہیں

عبدالرحمن زئی (آن لائن) اپوزیشن جماعتوں کو عوام کی خدمت کرنے کا موقع دیا جائے آئے فیض اللہ خان کاکڑ جمعیت علماء اسلام خلق عبدالرحمن زئی ٹوبے رہنما اور سابق معاون کنوینر نوشکی فیض اللہ خان کاکڑ نے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل سے بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

پاکستان میں سیاحتی شعبے کی ترقی اولین ترجیح ہے، زلفی بخاری

شنگھائی تعاون تنظیم کے ممبر ممالک نے ٹورزم کو آپریشن پروگرام 2020-21 کیلئے مشترکہ ایکشن پلان کی بھی منظوری دے دی

شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک عالمی آبادی کا 44 فیصد ہیں، رکن ممالک سیاحت کی صنعت کی بحالی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں' ایکشن پلان پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاحتی شعبے کی ترقی وزیر اعظم کی اولین ترجیح ہے، شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک عالمی آبادی کا 44 فیصد ہیں، رکن ممالک سیاحت کی صنعت کی بحالی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وزراء برائے سیاحتی امور ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے، پاکستان، بھارت بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

گڑھی خیرو، پندرانی قوم نومنتخب سردار فقیر محمد پندرانی میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

کارکن شائستگی کے ساتھ اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے' جمعیت علمائے اسلام

شائستگی کے ساتھ اسلامی نظریے کی پرچار کرنے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام کے کارکن شائستگی کے ساتھ اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے شائستگی کے ساتھ اسلامی نظریے کی پرچار کرنے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے نوجوان نسل کے اصلاح کے لیے ہر محاذ پر علما کا سرپرستی ضروری ہے مولانا محمد طاہر توحیدی نوجوانوں ہر قسم کی انا پرستی پس پشت ڈال کر مملکت خداداد پاکستان کی بقا وسالمیت کے لئے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن اور اکابرین جمعیت علما بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس سے متاثرہ فی مریض پچیس لاکھ روپے کے اخراجات اپنا کچھ سے بالاتر ہے' بابت کاکا

دنیا کورونا وائرس سے بچا اور اسے ختم کرنے کیلئے تگ ودو کررہی ہے

لورالائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری بابت کاکا نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں جب بھی کوئی آفت اور مصیبت چاہے زلزلہ سیلاب خشک سالی دہشت گردی آئی ڈی پیز کی صورت میں واقع ہوا ہے تو مقتدر اشرافیہ اور حکمران ٹولے نے نقصیت جان کرا سے ایک منافع بخش کاروبار کے طور پر اپنایا این ڈی ایم اے کی جانب سے سپریم کورٹ میں یہ بیان کہ کورونا وائرس سے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سرکاری مقرر کردہ پرائس لسٹ پر من وعن عملدرآمد کروایا جائے گا' ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ ریٹ پر ہی عمل درآمد کرنے کے لئے تمام تاجروں اور دکانداروں کو پابند بنایا جائے

کوئٹہ (ن ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ثاقب خان کاکڑ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چھوٹا گوشت (مٹن) کی قیمت 850 روپے فی کلو مقرر کی گئی اور کہا گیا کہ انتظامیہ کی جانب سے مقرر کردہ ریٹ پر ہی عمل درآمل کرنے کے لئے تمام تاجروں اور دکانداروں کو پابند بنایا جائے خود ساختہ قیمتیں رکھنے والے گرانفروشوں اور منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اجلاس میں بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ہندو برادری سے تعلق رکھنے والا نوجوان کرن کمار نے اسلام قبول کرلیا

مستونگ (نامہ نگار) ہندو برادری سے تعلق رکھنے والا نوجوان کرن کمار نے اسلام قبول کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کرن کمار نے نماز جمعہ کے بعد تبلیغی مرکز مستونگ میں سینکڑوں مسلمان نمازیوں کے سامنے دین اسلام قبول کرلیا۔ جس کا نام امان اللہ رکھا گیا انہوں نے تبلیغی مرکز بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں شدید گرمی درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ رکارڈ کیا گیا

شدید گرمی اور لو سے لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے کاروبار ٹھپ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں شدید گرمی درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ رکارڈ کیا گیا، شدید گرمی اور لو سے لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے کاروبار ٹھپ بجلی کی غیر لوڈ شیڈنگ سے شہری پریشان ہوگئے، کیسکو کے بالا حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد اور آس پاس کے علاقوں بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

تمبو: سٹی پولیس کی کامیاب کارروائی کم سن بچے کو بازیاب کرالیا

دو اغوا کار گرفتار واردات میں استعمال ہونے والی کار کو بھی تحویل میں لیکر مزید تفتیش شروع کردی

تمبو (آن لائن) سٹی پولیس کی کامیاب کارروائی کم سن بچے کو بازیاب کرالیا دو اغوا کار گرفتار واردات میں استعمال ہونے والی کار کو بھی تحویل میں لیکر مزید تفتیش شروع کردی ایس ایس پی نصیر آباد عرفان بشیر نے بتایا کہ وارڈ نمبر 2 ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی کبیر احمد ساسولی نے ایس ایچ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

لاہور، لاک ڈاؤن کے باعث گریٹر اقبال پارک سنسان پڑی ہے

مچھر مارا سپرے نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں کے کاٹنے سے سینکڑوں شہری ملیریا میں مبتلا ہوچکے ہیں

خضدار (نامہ نگار) خضدار میں ملیریا وباء کی شکل اختیار کرچکی ہے۔ خضدار شہر میں مچھر مار اسپرے نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں کے کاٹنے سے سینکڑوں شہری ملیریا میں مبتلا ہوچکے ہیں شہریوں کی جانب سے اپیل کی جاتی ہے شہر میں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

خضدار: تحصیل نال کے علاقہ بھنڈاڑو ہزار گنجی میں ایک شخص نے خودکشی کرلی

خضدار (آن لائن) تحصیل نال کے علاقہ بھنڈاڑو ہزار گنجی میں ایک شخص نے خودکشی کرلی تفصیلات کے مطابق یونین کونسل ہزار گنجی بھنڈاڑو میں محبوب علی ولد علی جان اپنے کو گولی مار کر خودکشی کرلی تاہم خودکشی کی اصل محرکات بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

مستونگ کے نواحی علاقہ میں درندہ صفت شخص نے 8 سالہ معصوم بچی کو جسمانی تشدد کے بعد اپنی ہوس کا نشانہ بنا کر معصوم بچی کی زندگی تباہ کردی

مستونگ (نامہ نگار) ظلم وسفاکیت کی انتہاء، مستونگ کے نواحی علاقہ میں درندہ صفت شخص نے 8 سالہ معصوم بچی کو جسمانی تشدد کے بعد اپنی ہوس کا نشانہ بنا کر معصوم بچی کی زندگی تباہ کردی۔ معصوم بچی سے زیادتی کے بعد ملزم موقع سے فرار ہوگئے تاہم لیویز فورس کی بروقت کامیاب کارروائی میں ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مستونگ درجگوہ کے قریبی علاقہ بیرکش میں درندہ صفت ثناء اللہ نامی لڑکے نے اپنے پڑوسی کے ایک 8 سالہ معصوم بچی کو زبردستی قریبی پہاڑ لے جاکر بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی قلیل مدت میں صوبے کی سب سے بڑی جماعت بن کر ابھری ہے، اللہ داد دشتی

بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے جن کے مستقبل میں دوررس نتائج برآمد ہونگے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھٹ پٹ کے آرگنائزر اللہ داد دشتی اور ڈپٹی آرگنائزر محمد علی کنوہر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے جن کے مستقبل میں دوررس نتائج برآمد ہونگے جعفر آباد میں دیرینہ پسماندگی کے خاتمے ترقی اور خوشحالی کے لیے اہم منصوبوں پر کام جاری ہے ترقیاتی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں شدید گرمی درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ رکارڈ کیا گیا

شدید گرمی اور لو سے لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے کاروبار ٹھپ، بجلی کی غیر لوڈ شیڈنگ سے شہری پریشان

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں شدید گرمی درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ رکارڈ کیا گیا، شدید گرمی اور لو سے لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے کاروبار ٹھپ بجلی کی غیر لوڈ شیڈنگ سے شہری پریشان ہوگئے، کیسکو کے بالا حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد اور آس پاس کے علاقوں میں گرمی کی شدت میں اضافہ درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ رکارڈ کیا گیا گرمی اور لو کی وجہ سے چند پرندہ کھولے پانچتے رہے کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا، لوگ گھروں میں محصور ہو اور جو لوگ بازار میں گھومتے رہے دوسائے کی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے جن کے مستقبل میں دوررس نتائج برآمد ہونگے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی تحصیل جھٹ پٹ کے آرگنائزر اللہ داد دشتی اور ڈپٹی آرگنائزر محمد علی کنوہر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت اقدامات اٹھا رہی ہے جن کے مستقبل میں دوررس نتائج برآمد ہونگے جعفر آباد میں دیرینہ پسماندگی کے خاتمے ترقی اور خوشحالی کے لیے اہم منصوبوں پر کام جاری ہے ترقیاتی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ہم سب ڈبلیو ایف پی اور ترقی فاؤنڈیشن کے مشکور ہیں جنہوں نے اس مشکل گھڑی میں ہمارے معاونت کے

ہم تبدیلی سے اگلے شکریہ ادا کرتے ہیں اور مزید ایسے پروگرام کے توقع رکھتے ہیں، ملک عبدالباری توتیزئی

واہلدین (این این آئی) کلنگ اور باسلانی کے زمیندار ملک عبدالباری توتیزئی، حاجی سیف اللہ دوکوگی، برکت علی محمد انی علی دوست محمد انی غدار رحیم سیانی محمد حنیف شاہوانی عبدالمالک شاہوانی مصطفی شاہوانی محمد اعظم حسن زئی عرفان حسن زئی اور سیاسی وسماجی رہنما منصور توتیزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے ہم سب ڈبلیو ایف پی اور ترقی فاؤنڈیشن کے مشکور ہیں جنہوں نے اس مشکل بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کے شدد سے پھیلنے اور اموات میں روز بہ روز اضافہ ہونے پر تشویش کا اظہار

صوبائی حکومت سے کرفیو لگانے کا مطالبہ کی صوبائی حکومت اتنا بے بس ہوچکا ہیں' فضل الرحمن کاکڑ

ہرنائی (آن لائن) آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن پاکستان کے مرکزی صدر فضل الرحمن کاکڑ صوبائی صدر حاجی رحمت اللہ دہوار صوبائی وائس چیرمین بہال شاہ کاکڑ ترجمان حافظ غلام اللہ شاہوانی نے اپنے ایک بیان میں کرونا وائرس کے شدد سے پہلے اور اموات میں روز بہ روز اضافہ ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن اور جنگ ڈاکٹرز نے ایک بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن نوشکی کا احتجاجی مظاہرہ

پولیس ایس ایچ او نیدفعہ 144 کے خلاف ورزی پر مظاہرین کے خلاف مقدمہ درج کرلیا

نوشکی (آن لائن) آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن نوشکی کا احتجاجی مظاہرہ، پولیس ایس ایچ او نیدفعہ 144 کے خلاف ورزی پر مظاہرین کے خلاف مقدمہ درج کرلیا تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح جمعہ کے روز نوشکی میں بھی پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن نے یکم جون سے اپنے تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان کیا اور مطالبہ کیا نوشکی پرائیویٹ سکولوں کے مسائل حل کیا جائے۔

حوثی باغی امن چاہتے ہیں تو سعودی عرب پر حملوں کا سلسلہ بند کریں' برطانوی سفیر

حوثی باغیوں کے حملوں سے لگتا ہے وہ یمن میں امن کے لیے کوششیں کرنے میں سنجیدہ نہیں ہیں' نیل کرمپٹن

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں برطانیہ کے سفیر نیل کرمپٹن نے بدھ کے روز نجران میں سویلین آبادی پر یمن کے حوثی باغیوں کے ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ حوثی باغی امن چاہتے ہیں تو انہیں سعودی عرب پر حملوں کا سلسلہ بند کرنا ہوگا۔ کرمپٹن نے ٹویٹر پر ایک ٹویٹ میں کہا کہ میں گذشتہ روز سرحد پار سے حوثی باغیوں کے ڈرون حملوں کی مذمت کرتا ہوں۔

اسلام آباد: وزیر اعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری ترقی پذیر ممالک میں سیاحی شعبے کی مرکزیت بحال کرنے کی کوششوں کے حوالے سے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے اہم اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہیں

تربت کے علاقہ ڈنک سانحہ سابقہ واردات کی ایک کڑی ہے، بی این پی عوامی

سانحہ ڈنک میں ملوث عناصر کے ساتھ کسی بھی قسم کی نرمی یا رعایت کو بلوچ چادر وچادر دیواری اور اسلامی روایات کے خلاف گردانا جائے گا

تربت (آن لائن) سانحہ ڈنک میں ملوث عناصر کے ساتھ کسی بھی قسم کی نرمی یا رعایت کو بلوچ چادر وچادر دیواری اور اسلامی روایات کے خلاف گردانا جائے گا، واقعہ میں ملوث لٹیروں کے سرغنہ کی فوری گرفتاری عمل میں لائی جائے، معصوم زخمی بچی برمش بلوچ کی سرکاری اخراجات پر علاج کیا جائے اور درندہ صفت ڈاکوؤں کے گھر پر حملے سے زخمی بچی برمش کی جوان سال ماں کو سرکاری سطح پر بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کا بجلی کی بلاوجہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کا مطالبہ

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے فوری خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے عوام کو اس عذاب سے نجات دلانے کا مطالبہ کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بجلی کی بلاوجہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے کیسکو کے صوبائی ہیڈ کوارٹر میں بیٹھے اعلیٰ آفیسران کی طرف سے مخصوص علاقوں میں زائد اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے دورانیے رکھنے کے اقدام کو اختیارات سے تجاوز قرار دیا بیان میں کہا گیا کہ کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا شیڈول دفتروں میں بیٹھے ایسے لوگ بنا رہے ہیں جو ہمیشہ اپنے گھروں کو بجلی کی بندش سے مبرا رکھنے کی کوشش کرتے ہیں یہ آفیسران عوام کا اختیارات کا ناجائز استعمال کرکے عوام کیلئے مشکلات پیدا کرنے کی سازش کرتے رہتے ہیں حالانکہ کرونا کی وباء کے باوجود کوئٹہ شہر کے صارفین بڑی تعداد میں اپنے ذمے واجبات کی ادائیگی ماہانہ بنیادوں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس سے صحتیاب ہونے والوں کے تناسب میں اضافہ ہورہا ہے، سیکرٹری صحت

اب تک ہونے والے ٹیسٹوں کے نتائج کے مطابق صوبے میں کورنا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 3928 ہے

کورونا وائرس سے صحتیاب ہونے والے افراد سے رضاکارانہ طور پر بلڈ پلازمہ حاصل کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی نے بریفنگ دیتے ہوئے اجلاس کو آگاہ کیا کہ اب تک ہونے والے ٹیسٹوں کے نتائج کے مطابق صوبے میں کورنا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 3928 ہے۔ فاطمہ جناح اسپتال میں کورنا وائرس کے ٹیسٹ کی صلاحیت 800 سے 1200 تک ہے میں 44 بولان میڈیکل اسپتال میں 44 اور شیخ زید اسپتال میں 100 ٹیسٹ روزانہ ہیں انہوں نے بتایا کہ لیبارٹریوں کے لیے کنٹریکٹ کی بنیاد پر مائیکرو بیالوجسٹ اور ٹیکنیشن بھرتی کیے گئے ہیں جو فرائض سرانجام دے رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ اگلے دو ماہ کی ضرورت کے مطابق وی ٹی ایم ٹیسٹنگ کٹس اور پی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: لاک ڈاؤن ختم ہونے پر بھی مین پشاور موڑ میں تقریباً دو ماہ بعد سستا بازار کھلنے پر خریدار نہ ہونے پر سنسان پڑا ہے

بزنجو خاندان کے دو سیاسی فریقین آپس میں شیر وشکر ہوگئے

نال گرک (نامہ نگار) نیشنل پارٹی نال گرک کے سرگرم رکن عبداللہ محمد حسنی اور ان کے بھائی میر عبدالرحمان محمد حسنی نظر محمد حسنی عبدالحمید محمد حسنی عبدالوحید حسنی سیف الرحمان حسنی بلال احمد محمد حسنی عیان محمد حسنی احمد حسنی حسنین محمد حسنی انس محمد حسنی فیصل محمد حسنی عبدالواحد محمد حسنی اپنے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

میری بہن کی زبردستی شادی ظلم اور ناانصافی ہے' محمد آصف ولد غوث بخش کھوسہ

تمرین (نامہ نگار) تحصیل جیرین کے رہائشی 14 سالہ محمد آصف ولد غوث بخش کھوسہ نے اپنے چھوٹے بھائی ممتاز علی کے ساتھ نیشنل پریس کلب میں اپنے ماموں نجیر میر خان کھوسہ اور کیئر خان کھوسہ نا انصافیوں اور ظلم کے خلاف پریس بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بولان قومی شاہراہ پر حادثات روز کا معمول بن گئے شاہراہ کو دو رویہ بنایا جائے' میر فاروق عزیز کرد

مچھ (آن لائن) مچھ بولان کے سیاسی سماجی شخصیت میر فاروق عزیز کرد نے کہا ہے کہ بولان قومی شاہراہ پر حادثات روز کا معمول بن گئے شاہراہ کو دو رویہ بنایا جائے انہوں نے بولان شاہراہ پر آئے روز افسوسناک حادثات کے نتیجے میں انسانوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے۔ کہ بولان شاہراہ کو دو رویہ بنانے اور میرٹ پسی کی صورت میں طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی نہ بنائی جاسکی آئے دن ٹریفک حادثات، شاہراہ کی ٹوٹ پھوٹ کو مدنظر رکھتے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

لاکھڑا کے علاقے موضع جیزن میں ایک گھر کے باورچی خانہ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی سامان جل کر خاکستر

اوتھل (نامہ نگار) لاکھڑا کے علاقے موضع جیزن میں ایک گھر کے باورچی خانہ میں اچانک آگ بھڑک اٹھی باورچی خانہ میں رکھا سامان جل کر خاکستر ہوگیا میونسپل کمیٹی اوتھل کی فائر بریگیڈ نے جائے وقوع پر پہنچ کر آگ پر قابو بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

قبائلی رہنماء اور سیاسی رہنماؤں کا اظہار تعزیت

دشت کھیلا شریف آباد (پ ر) قبائلی رہنما حاجی سلطان محمد بنگلوئی کی اہلیہ سابق یوسی چیرمین سیکرٹ ڈی اے پی کے سینئر رہنما کمری حاجی محمد افضل بنگلوئی، کی بھابھی، ڈاکٹر طارق بنگلوئی، کی چچی، پروفیسر زین اللہ کاکڑ، ایڈووکیٹ خان کاکڑ، ضیاء الدین کاکڑ کی پھوپھی، ملک خالد کاسی کی خالہ کی وفات پر بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما چیف آف بدوزئی سردار الہار خان بدوزئی، کمری شیر احمد بنگلوئی، ملک نصر اللہ بنگلوئی، حاجی یار محمد بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ہماری ہر سانس شہداء پاک فوج کی مقروض ہے' رمضان خان رضی

انتہا پسند ہندوؤں کے نزدیک مسلمانوں کے خون سے ہولی کھیلنا پوجا پاٹ کی طرح ایک عبادت ہے

مودی مائنڈسیٹ کے تحت بھارتی فوج اور پولیس اہلکار بھی مسلمانوں کیخلاف ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہیں

لاہور (پ ر) تحریک دفاع پاکستان کے مرکزی چیئرمین جمیل رمضان خان رضی نے کہا ہے کہ ہماری ہر ایک سانس پاک فوج کے شہیدوں اور غازیوں کی مقروض ومحتاج ہے۔ پاکستان کی پروفیشنل افواج کا ہر آفیسر اور جوان مادر وطن کے دفاع کیلئے مستعد ہے۔ تاریخ بھی مادر وطن کیلئے پاک فوج کے شہیدوں کی وفاؤں اور قربانیوں کی شہادت دے گی۔ جس ملک کی جغرافیائی سرحدوں کے باوقار اور باصلاحیت محافظ شوق شہادت سے سرشار ہوں اسے دنیا کی کوئی طاقت شکست نہیں دے سکتی۔ دفاع وطن بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

ب